خوابوں کی تعبیر کے متعلق بہترین کتاب

# سچا خواب نامہ یوسفی

## حضرت یوسف علیہ السلام

## تعبیر نامہ
و
## فال نامہ

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر
22-اردو بازار لاہور

Marfat.com

خوابوں کی تعبیر کے متعلق بہترین کتاب

سچا

# خواب نامہ یوسفی

حضرت یوسف علیہ السلام

تعبیر نامہ

و

فالنامہ

ترتیب

قاری احمد دین

Rs: 100

ماسٹر پبلشرز
المعراج سنٹر
22- اردو بازار لاہور
042-37116363
0333-4224994

Marfat.com

## اسٹاکسٹ

یونس بک ڈپو۔ اردو بازار لاہور
فہیم بک ڈپو۔ اردو بازار لاہور
مکتبہ قابل۔ اردو بازار لاہور
چاچا صدیق بک ڈپو۔ اردو بازار لاہور
ویلڈن پبلشرز۔ اردو بازار لاہور
عوامی کتاب گھر۔ اردو بازار لاہور
فاضل متقبل۔ اردو بازار لاہور
مہدی کتاب گھر۔ اردو بازار لاہور
خزینہ علم و ادب۔ اردو بازار لاہور
ایف رمضان پوسٹر بوہڑ گیٹ ملتان
قریشی برادرز بک ڈپو غلہ منڈی۔ ملتان
چوہان بک سنٹر علی چوک۔ ملتان
جناح بک سنٹر گلگشت۔ ملتان
پراچہ بک ڈپو۔ حجرہ شاہ مقیم
بھراواں دی ہٹی۔ ساہیوال
رشید نیوز ایجنسی۔ کراچی
فقیر بک ایجنسی۔ پشاور
عثمان بک ایجنسی۔ پشاور
کتب خانہ شیر ربانی۔ وہاڑی
آصف بک سنٹر۔ بھاول نگر
ناصر بک سنٹر۔ ہارون آباد

نیو جاوید بک ڈپو اردو بازار۔ ساہیوال
البدر بک ڈپو۔ بہاولپور
نیو حافظ بک ڈپو بلاک نمبر1۔ سرگودھا
اتحاد نیوز ایجنسی۔ راولپنڈی
عثمانیہ کتب خانہ کچہری روڈ۔ چیچہ وطنی
طاہر حفیظ بک سنٹر۔ خانیوال
کتب خانہ مقبول عام۔ فیصل آباد
نیو کتب خانہ مقبول عام۔ فیصل آباد
الحسن بک ڈپو۔ فیصل آباد
عرفان کتاب گھر۔ فورٹ عباس
وحید بک ڈپو۔ ڈونگہ بونگہ
قاری طیب عثمانیہ بک ڈپو۔ منچن آباد
طاہر عثمانیہ بک ڈپو۔ منچن آباد
نیو کتاب محل۔ خان پور
الہلال بک ڈپو۔ میاں چنوں
افتخار بک ڈپو۔ رحیم یار خاں
منیر بک ڈپو۔ بورے والا
حافظ بک ڈپو۔ عارف والا
غزالی بک سنٹر۔ گوجرہ
اشرف بک ڈپو۔ اوکاڑہ
حافظ بک ڈپو۔ چشتیاں

نیو وحید کاپی ہاؤس جامع مسجد ہارون آباد 2253000

مکتبہ المدد المعراج سنٹر 22۔ اردو بازار لاہور



**ماسٹر پبلشرز**

المعراج سنٹر 22۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37116363
موبائل: 0333-4224994
0331-4882727


Marfat.com

چونکہ بازار میں بہت سارے خواب نامے بک رہے تھے اس لئے میں نے جب خواب نامہ ترتیب دینے کا ارادہ کیا تو سوچا کہ اسے ہر اعتبار سے منفرد، لاجواب اور معیاری ہونا چاہئے۔ چنانچہ جہاں ایک طرف اس کا ٹائٹل پاس بیٹھ کر ڈیزائن کرایا وہاں مواد اکٹھا کرنے کے لئے بے شمار معتبر اور نایاب کتابوں کی بھی ورق گردانی کی۔ (میری محنت آپ کے ہاتھ میں ہے۔ مجھے توقع ہے کہ اسے آپ باقی کتابوں سے جدا پائیں گے اور یہ صوری و معنوی لحاظ سے آپ کو متاثر کرے گی۔ اپنی اس خوبصورت کاوش کو میں اپنے عزیز اور شفیق دوست طارق جاوید تقی کے نام سے منسوب کر رہا ہوں۔ کیونکہ ان کے ساتھ میرے جو آٹھ نو برس بیتے ہیں وہ میری زندگی کا سرمایہ ہیں اور میری یادوں میں اس طرح تازہ ہیں جیسے موسم بہار کی آمد پر باغوں اور گلزاروں میں پھول مہکتے ہیں۔

طارق جاوید تقی کا تعلق ضلع رحیم یار خاں کی تحصیل صادق آباد سے ہے۔ صادق آباد کی غلہ منڈی میں ان کی امجد اینڈ کمپنی کے نام سے آڑھت کی دوکان ہے اور وہاں انہیں بڑی نمایاں اور معزز حیثیت حاصل ہے۔ امید ہے کہ میری یہ انمول کتاب اور انتساب انہیں پسند آئیں گے۔

اپنے پڑھنے والوں سے گذارش ہے کہ مجھے اپنی آراء اور تجاویز سے نوازیں۔ میں بہت سارے دیگر عوامی موضوعات پر بھی معلوماتی کتابیں شائع کرنے والا ہوں اس لئے قارئین کی رہنمائی کی مجھے اشد ضرورت ہے۔ آپ کی تعریف میرا حوصلہ بڑھائے گی اور تنقید مجھے غلطیوں اور کوتاہیوں سے بچائے گی۔ میں آپ کے محبت ناموں کا انتظار کروں گا۔

آپ کا

محمد ندیم ساگر

Marfat.com

# قرآنی فال نامہ صادق

## بہ طریق حروف تہجی

یہ حروف تہجی کا نئے طرز پر بنایا گیا فالنامہ ہے اور اس کو دو طریقوں پر منقسم کیا گیا ہے۔

طریقہ اول: (فالنامہ قرآن مجید سے) اگر کسی سائل کو فرقان حمید سے فال دریافت کرنی منظور ہو تو چاہیئے کہ اس کو صدق نیت سے پہلے سورۂ الحمد شریف اور سورۂ اخلاص ہر ایک تین تین بار پڑھ کر قرآن شریف جہاں سے چاہے کھولے ہمیں وہاں سے سات اوراق گردانیدہ اس صفحے سے شروعات سے سات گنے جو حروف ساتویں سطر کے سرے پر ہوں ان کو مندرجہ ذیل کی عبارتوں سے ملاحظہ کریں اور اس پر عمل کریں نہایت اچھا ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ش | ث | ص | س | |
| ے | ن | ت | ض | ظ | ط |
| ہ | و | ب | ا | غ | ع |
| م | لا | خ | د | ق | ف |
| ی | ج | ذ | ل | ک | ے |
| | ز | ح | ر | ھ | |

Marfat.com

طریقہ دوم:

دائرہ فالنامہ سے جو کوئی رنجیدہ و پریشان و سرگردان ہو کر فال حروف دیکھنا چاہے۔ تو اول باطہارت تین بار الحمد شریف اور سورہ اخلاص تین بار پڑھے اور ایک دفعہ درود شریف اور ایک دفعہ آیۃ الکرسی پڑھ کر آنکھ بند کر کے انگشت شہادت مندرجہ ذیل دائرہ کے جس خانہ میں چاہے۔ رکھیں۔ اور اس خانے میں جو حروف ہو اس کے موافق مرقوم تحت کی عبارتوں سے اپنا مطلب معلوم کریں تو انشاءاللہ مقصد نکل آئے گا۔

ا :اگر حرف 'الف' نکلے تو نیک کاموں کی صلاحیت کرنا بہتر ہے۔ اور حکام وغیرہ سے ملاقات کرنا مسرور ہے۔

ب :اگر 'ب' نکلے تو صاحب دولت ہو اور بہتر ہو اور دولت اور نفع کار کثیر ہو اور زوالت سے دور ہوں۔

ت :اگر 'ت' نکلے تو جس کام کا ارادہ کیا ہے توبہ کر کے استغفار و تسبیح و نماز میں دل مشغول کرے۔

ث :اگر 'ث' نکلے تو کام دین و دنیا میں اچھا ہو اور ہر کام میں نیک اور سچا ہو اور بے فکر ہو۔

ج :اگر 'ج' نکلے تو جس کام کا ارادہ کیا ہے تو خود کر۔ نیک ہو اور کسی سے وہ کام نہ کرا۔

ح :اگر حرف 'ح' نکلے تو دوستوں سے فائدہ ہو اور سب کاموں میں فتح حاصل ہو اور جو ارادہ کیا ہے، پورا ہو۔

خ :اگر 'خ' نکلے تو جس کام کا مقصد کیا ہے باز آ کیونکہ دشمن ہے، صدقہ ہے۔

د :اگر حرف 'د' ہو گا تو طالب ہو اور دولت بے زوال نصیب ہو مگر چند روز میں خرچ ہو جائے۔

ذ :اگر حرف 'ذ' نکلے تو حاسدان و بدگویان تیرے بدخواہ ہوں۔ اور دشمنان و نیز جانوران تیرے سامنے فرار ہوں۔

ر :اگر حرف 'ر' نکلے تو جو کام کرتے ہو یا ارادہ کیا ہے اس میں شر انجام ہو۔ اور عافیت بخیر انجام ہو۔

:اگر حرف 'ز' پر ہو تو شروع قصد میں نعمت و دولت ملے اور جو کام کرنا ہو حکمت سے

Marfat.com

کرے۔

س :اگر حرف 'س' نکلے تو سعادت دارین حاصل ہو اور خوش دل نیت کردہ کامل ہو۔

ش :اگر حرف 'ش' پر انگلی پڑے تو دشمنوں اور ظالموں وغیرہ سے تجھ کو رنج پہنچے۔ چاہیئے کہ صدقہ دے۔

ص :اگر حرف 'ص' نکلے تو جس کام کی خواہش رکھتا ہے اگر وہ کام نہ ہو تو چاہیئے کہ صبر کرے اور صدقہ دے۔

ض :اگر حرف 'ض' نکلے تو اپنے دوستوں اور اقرباؤں سے فائدہ ہو اور تیرا دل مسرور زیادہ ہو

ط :اگر حرف 'ط' نکلے تو زاہد و متقی کی دنیا میں شہرت ہو اور کامل بطن وشہرہ آفاق ہو۔

ظ :اگر 'ظ' نکلے تو جو مطلب دل میں ہے سہل ہو اور مشکل حل ہو۔

ع :اگر حرف 'ع' نکلے تو مراد دینی و دنیوی سے خوش ہو اور پند و نصائح آخرت کا گوش ہو۔

غ :اگر حرف 'غ' نکلے تو کام پوشیدہ و پنہاں تجہیر ظاہر اور ہر ایک بات سے ماہر ہو۔

ف :اگر حرف 'ف' نکلے تو پریشانی اس کی دور ہو اور روز بروز اس کا دل مسرور ہو۔

ق :اگر حرف 'ق' نکلے تو دعا قبول اور سب کام اس کے انجام بخیر ہوں۔

ک :اگر حرف 'ک' نکلے تو جنگ و خصومت میں پڑے اور چندے تکلف کھینچے تو لازم ہے، کہ صدقہ کرے۔

ل :اگر حرف 'ل' پر ہو تو آئندہ میں نیکی حصول ہو اور جملہ کام اس کے نکل آئیں اور بہتری ہو۔

م :اگر حرف 'م' آئے تو خلق اللہ کے نزدیک عزت و آبرو حاصل ہو۔ جہاں جائے، عزت پائے۔

ن :اگر حرف 'ن' آئے تو جو کام کرے گا اس میں بہتری ہو گی اور نیک خوئی ہر ایک کے رو برو ہو۔

و :اگر حرف 'و' آئے تو آدمیوں سے بے نیاز اور نعمت حاصل ہو۔ اور دشمن و ظالم اس کے ذلیل و خوار ہوں۔

ہ :اگر حرف 'ہ، ل، ا' ہو تو اپنا کام صلاحیت کے ساتھ بہتر ہو۔ اور لوگوں سے مشورہ طلب ہو۔

Marfat.com

ہ :اگر حرف 'ہ' ہو تو موافق اس کے عبارت اور اس کے مطابق احوال عادت ہو۔

ی :اگر حرف 'ی' پر پڑے تو خیر و عافیت سے اس پر روشن ہو اور ہمیشہ گلشن کی سیر کرے۔

## فالنامہ حافظ شیرازیؒ

جو شخص اپنا نیک و بد حال معلوم کرنا چاہے تو سچے دل سے اس نقش پر انگلی رکھے پس جس خانہ پر انگلی جا پڑے وہ علیحدہ کاغذ پر لکھے پھر اس خانہ سے چار خانہ گن کر چھوڑ دے اور پانچویں خانہ کا حرف لکھے اسی طرح چار خانے طرح کرتا جائے اور پانچواں حرف لکھتا جائے جب تمام ہو جائے تو اول خانہ سے اس خانہ تک جس پر انگلی رکھی تھی چار چار طرح کرتا جائے اور پانچواں لکھتا جائے اور جو حرف کہ حاصل ہو ان کو حرف سابقہ سے لکھ کر جمع کرے پس ایک مصرعہ جواب ان اشعار مفصلہ میں سے نکلے گا۔ اس کو فال غیبی تصور کرنا چاہئے۔

### اشعار حافظ شیرازؒ!

| | | |
|---|---|---|
| دریں فال بیشک شوی بہرہ ور | 1 | ولیکن بدشواری سخت تر |
| برآیدہ زیں فال البتہ کام | 2 | ولیکن بہ محنت تر ود تمام! |
| ترا کار نیکو میسر شود | 3 | کہ شاہد مطالب رود در بر شود |
| تو یابی دریں فال مطلب شتاب | 4 | جوابش ہمی با تو گو ہم ثواب |

واضح ہو کہ یہ فالنامہ نہایت صحیح اور مشہور ہے اور جس وقت فال دیکھنے بیٹھے تو چاہئے کہ نہا دھو کر پاک صاف ہو کر کچھ شیرینی کی قسم سے کھا دے اور یکسو خیال سے یعنی کسی دوسری طرف منتشر نہ ہو مطلب دل کا بخوبی تمام کہے اور بوقت صبح فال دیکھنا بہت اچھا ہوتا ہے۔ یا شام کا وقت بھی نیک ہے۔

Marfat.com

## نقشہ فالنامہ شیرازیؒ


| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| د | ب | ک | ج | ر | ر | ہ | س | ی | ا |
| س | ا | ن | ی | ا | ب | ف | و | ی | ہ |
| ا | و | ی | م | ل | ر | م | ی | ب | ی |
| ط | ن | ی | ن | ا | ب | ش | ف | ل | ا |
| ق | ا | ب | ت | ش | ل | ب | د | و | ا |
| و | گ | ی | ل | د | و | ب | ب | ر | ی |
| ہ | ت | ب | م | ر | ہ | ر | ج | ہ | ک |
| ش | د | و | ل | د | ل | و | م | د | ب |

## فال نامہ برائے اولاد

**معلوم کرنا لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی؟**

یہ طریق ہندسہ چاہیئے کہ جس کو حمل ہو جائے وہ آنکھ بند کر کے انگلی اس نقش پر رکھے پھر معلوم کرے کہ اس نے کونسے ہندسے پر انگلی رکھی ہے اگر ایک کے ہندسہ پر انگلی رکھی ہے تو لڑکی ہوگی اگر دو کے ہندسہ پر رکھی ہو تو لڑکا۔ پس اسی طرح اگر جفت کے ہندسے پر انگلی رکھے تو لڑکا ہوگا اور اگر طاق کے ہندسہ پر انگشت شہادت رکھے۔ تو لڑکی پیدا ہوگی۔

نقش یہ ہے



# آئینہ قسمت فالنامہ

## فالنامہ 16 سوال

### سوالاً جواباً

جب کسی کام کے نیک وبدانجام کو دیکھنے کے لئے اپنی قسمت کا حال دیکھنا ہو تو بوقت ضرورت اپنے سوال کا جس کا نتیجہ دیکھنا مطلوب ہو جدول سوالات سے دیکھ کر اس کو اپنے دل میں رکھ لو۔ اور بعدازاں ہر ایک سطر کے قادر مطلق کو یاد کر کے اپنے پاس اس مقصد کے خیال میں 4 سطریں نقطوں کی ایک سانس میں کم از کم اور زیادہ جس قدر خواہش ہو بناؤ اور بعدازاں ہر ایک سطر کے نقطہ کو شمار کرو طاق ہو تو (1) لکھو اگر جفت ہو تو (2) لکھو چاروں سطروں سے ایک شکل ہو جائے گی۔ مثلاً سطر اول کے نقطہ جفت میں توازن کی بجائے (2) لکھو۔ دوسری کے طاق (1) تیسری کے (2) چوتھی کے بھی جفت (2) تو اس سے یہ شکل پیدا ہوئی (2212) اگر بر تقدیر کسی وقت جلدی میں ایسا نہ ہو سکے تو پھر اپنے سوال کے مقابل سطر میں کسی ایک خانہ پر انگلی رکھ دو۔ اور بعدازاں اس شکل کو اپنے سوال میں لکھا گیا ہے۔ اس حرف کو آئینہ تقدیر کے آئندہ کالموں میں دیکھو جہاں وہ شکل اس حرف کے نیچے درج ہوگی اس کو دیکھ کر اپنے سوال کے مطابق اس کا جواب دیکھو جس کا نتیجہ وقت ضرورت کے مطابق دریافت کنندہ کے حال پر بشارت کرے گا۔

نقشہ آئینہ قسمت کا فالنامہ

Marfat.com

| سوالات: | ا | ب | ج | د | ر | س | ص | ط | ع | ف | ق | ل | م | ن | و | ی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میری دلی مراد پوری ہوجائے گی | 2121 | 1212 | 1212 | 2222 | 1221 | 1221 | 1222 | 2212 | 2122 | 1122 | 1122 | 2111 | 1121 | 2112 | 2112 | 11112 |
| میرا فلاں کام سرانجام ہوجائے گا | 1212 | 1212 | 2222 | 1211 | 2116 | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 2112 | 2211 | 2221 |
| فلاں کام میں مجھے نفع ہوگا یا نقصان | 2221 | 2222 | 1221 | 1221 | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 1212 | 2111 | 2221 | 1212 |
| مجھے کس کام میں فائدہ رہے گا | 2222 | 1211 | 2112 | 2212 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 2112 | 1111 | 2:12 | 1212 | 2121 |
| جو شخص چلا گیا ہے کب آئے گا | 1211 | 1221 | 2221 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 1121 | 2112 |
| میری گمشدہ چیز مل جائے گی | 1222 | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 2112 | 2221 | 1211 |

Marfat.com

| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فلاں آدمی ایمانداری سے کام کرے گا | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 | 2211 | 2111 | 1121 | 1121 | 1112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 1221 | 1211 | 2121 |
| مجھے سفر کرنے میں فائدہ رہے گا | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 1112 | 2111 | 1211 | 2221 | 1212 | 2121 | 2222 | 2121 | 1222 |
| فلاں آدمی مجھے دوست جانتا ہے یا دشمن | 2122 | 2112 | 1122 | 2111 | 1121 | 2112 | 2112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1222 | 2121 | 2222 | 1211 | 1222 | 2212 |
| یہ شادی میرے لئے مبارک ہوگی | 221 | 1122 | 2111 | 1121 | 1121 | 1112 | 2121 | 1112 | 221 | 2121 | 2222 | 1212 | 1221 | 1222 | 221 | 2122 |
| فلاں شخص سے عورت کا کیسا سلوک ہوگا | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 1112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 2222 | 1211 | 1221 | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 |
| فلاں عورت کے بیٹا ہوگا یا بیٹی | 2111 | 1121 | 1112 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 2121 | 2222 | 1211 | 1222 | 1222 | 2222 | 2122 | 2211 | 1122 |
| فلاں آدمی صحت یاب ہوگا یا نہیں | 1121 | 1111 | 2112 | 1111 | 2221 | 1212 | 2121 | 2222 | 1211 | 1221 | 1221 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 |
| فلاں شخص قید سے کب رہائی ہوگا | 1112 | 1122 | 1121 | 2221 | 1212 | 2221 | 2222 | 2121 | 2121 | 1222 | 2212 | 2122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 |
| ہمارا آج کا دن کیسا گزرے گا | 2122 | 1111 | 2221 | 1212 | 2121 | 2222 | 1211 | 2121 | 1222 | 1212 | 1122 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1111 |
| خواب کا نتیجہ کیا ہوگا | 1111 | 2221 | 1212 | 2121 | 2222 | 2111 | 2121 | 1222 | 1212 | 1112 | 2211 | 1122 | 2111 | 1121 | 1112 | 2122 |

Marfat.com

# فالنامہ

## فالنامہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

## بہ طریق رمل

واضح رہے کہ یہ فالنامہ نہایت عجیب وغریب طریقہ پر ہے۔ اکثر فالنامہ مصنف کتاب کے امتحان میں رہتا ہے۔ بہت صحیح اور درست پایا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر ناظرین کے پاس پانسہ نہ ہو تو خانہ ہائے نقشہ مفصلہ ذیل پر انگلی رکھیں ورنہ پانسہ کے جس کے چار طرف حرف (اب ج د) لکھے ہوں، تیار کرے۔ ورنہ پہلے تین مرتبہ الحمد شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ شریف اور سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر اول ایک بار پانسہ حضرت کے نام کا ڈالے اس کا حروف جو کچھ پڑے شمار میں نہ لائیں۔ اور بعد میں دل کا مطلب کہہ کر تین بار پانسہ مذکور ڈالے۔ جو کچھ حروف پڑھیں۔ اس کو لکھتا جائے اور ہائے نقشہ ذیل سے مطابق کرے، تعبیر اس کی عبارت میں دیکھ لیجئے۔

حروف فالنامہ کا نقشہ
اگلے پیج پر

Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اول 1 | دوم 2 | سوم 3 | چہارم 4 | پنجم 5 | ششم 6 |
| ااا | اج د | اد ب | اود | اب د | ادا |
| ہفتم 7 | ہشتم 8 | نہم 9 | دہم 10 | یازدہم 11 | دوازدہم 12 |
| اب | اب ا | اج ب | الد | االج | اج ج |
| سیزدہم 13 | چہاردہم 14 | پانزدہم 15 | شانزدہم 16 | ہفتدہم 17 | ہیژدہم 18 |
| ب ب | او ج | اج ا | اب ج | ب ب ب | ب ب ا |
| نوزدہم 19 | بستم 20 | بست و یکم 21 | بست و دوم 22 | بست و سوم 23 | بست و چہارم 24 |
| ب ب ج | د ب ج | ب ج ب | ب ب د | ب د د | ب ج ذ |
| بست و پنجم 25 | بست و ششم 26 | بست و ہفتم 27 | بست و ہشتم 28 | بست و نہم 29 | سی ام 30 |
| ب ج د | ب ج ا | ب اب | ب دا | ب ا ج | ب اا |
| سی و یکم 31 | سی و دوم 32 | سی و سوم 33 | سی و چہارم 34 | سی و پنجم 35 | سی و ششم 36 |
| ب اد | ب ج ج | ج ج ج | ج ج د | ج ب د | ج ج |
| سی و ہفتم 37 | سی و ہشتم 38 | سی و نہم 39 | چہل 40 | چہل و یکم 41 | چہل و دوم 42 |
| ج ج | ج ب ج | ج اب | ج ج ا | ج ب | ج اد |
| چہل و سوم 43 | چہل و چہارم 44 | چہل و پنجم 45 | چہل و ششم 46 | چہل و ہفتم 47 | چہل و ہشتم 48 |
| ج ج ب | ج ب ب | ج دد | ج ج ا | ج ب | ج اا |
| چہل و نہم 49 | پنجاہ 50 | پنجاہ و یکم 51 | پنجاہ و دوم 52 | پنجاہ و سوم 53 | پنجاہ و چہارم 54 |
| دد | د ج د | دد ج | د ب د | د ج ا | دا |
| پنجاہ و پنجم 55 | پنجاہ و ششم 56 | پنجاہ و ہفتم 57 | پنجاہ و ہشتم 58 | پنجاہ و نہم 59 | شصت 60 |
| داد | د ج ب | دد ب | دا ج | د ب د | د ج ج |
| | شصت و یکم 61 | شصت و دوم 62 | شصت و سوم 63 | شصت و چہارم 64 | |
| | د ب ا | داا | د ب ج | د اب | |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اول:ااا | اے خداوند فال، جو کچھ تو چاہتا ہے تیرا کام بہتر طریقے سے سرانجام ہوگا۔ |
| دوم:اج د | اے خداوند فال۔ یہ کام تمہارا بے حد مشکل ہے، ہر گز نہیں ہوگا۔ |
| سوم:ادب | اے خداوند فال، جس جگہ تو جانا چاہتا ہے خاطر جمع رکھ تیرا کام انجام ہو جائے گا۔ |
| چہارم:ادد | اے خداوند۔ جس جگہ تو جانا چاہتا ہے وہاں سے تیرا مقصد ضرور حاصل ہوگا۔ |
| پنجم:اب د | اے خداوند فال: تمہارا جو خیال ہے یہ ہر گز پورا نہیں ہوگا۔ |
| ششم:ادا | اے خداوند فال۔ تو نے جو نیت کی ہے اسے خاطر جمع رکھ فائدہ ملے گا، غم وفکر مت کرو۔ |
| ہفتم:ااب | اے خداوند فال۔ جو کچھ تو نے تصور کیا تمہیں اس سے بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ اور ہر طرح سے عزت ملے گی اور دوستوں اور عزیزوں سے ملاقات کر کے خوش ہوگا۔ |
| ہشتم:اب ا | اے خداوند فال۔ تمہارا کام بے حد مشکل ہے۔ دیر سے مکمل ہوگا۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ |
| نہم:اج ب | اے خداوند فال۔ یہ کام تمہارا تدابیر سے پورا ہوگا تمہارے اس کام میں بہت سے مخالف ہیں۔ بہر حال تمہارا کام ہوگا۔ اللہ کے فضل پر بھروسہ کرو۔ |
| دہم:ااد | اے خداوند فال۔ تمہارا یہ خیال نیک ہے کام بخیر انجام پا جائے گا۔ کچھ صدقہ دیں۔ |
| یازدہم:ااج | اے خداوند فال۔ یہ کام تمہارا تدابیر سے پورا ہوگا تمہارے اس کام میں بہت سے مخالف ہیں۔ بہر حال تمہارا کام ہوگا۔ اللہ کے فضل پر بھروسہ کرو۔ |
| دوازدہم:اج ج | اے خداوند فال۔ تم جو تصور کرتے ہو اس شخص کی تم سے ملاقات ہوگی اور تمہاری مراد پوری ہوگی۔ |
| سیزدہم:اب ب | اے خداوند فال۔ یہ خیال ہر گز پورا نہ ہوگا۔ اس لئے کہ اس کی تدبیر صحیح نہ ہوگی۔ |
| چہاردہم:ادج | اے خداوند فال۔ تم نے جو نیت کی تمہیں اس سے بہت فائدہ حاصل ہوگا اور ایک آدمی کی تم سے ملاقات ہوگی اور تمہیں اس سے بہت فائدہ پہنچے گا اللہ پر بھروسہ رکھو اور اپنا دکھ کسی دوسرے پر ظاہر مت کرو۔ |
| پانزدہم:ارج ا | اے خداوند فال۔ تم نے جو خیال کیا ہے یہ کام زود حاصل ہوگا۔ اللہ پر بھروسہ کرو۔ |
| شانزدہم:ار ج | اے خداوند فال۔ تمہارا کام پورا ہوگا۔ کچھ فکر نہ کریں۔ |

Marfat.com

ہفت دہم: ب ب ب اے خداوند فال۔ تمہارا جو خیال ہے وہ پورا ہوگا۔ لیکن راستے میں خطرہ بہت ہے اس لئے تمہارے لئے ضروری ہے کہ غافل نہ ہونا بروقت آمد روفت کے یہ کام حاصل ہوگا۔

ہشت دہم: ب ب ا اے خداوند فال۔ تمہارا جو کسی جگہ جانے کا ارادہ ہے تو ہرگز مت جاؤ نقصان ہوگا اور پریشانی ہوگی۔

نوزدہم: ب ب ج اے خداوند فال۔ تم جو کام چاہتے ہو وہ نیک ہے دل مضبوط رکھو۔ ایک اجنبی شخص سے ملاقات ہوگی اور اس سے تمہیں بہت فائدہ پہنچے گا۔ اس کو تم اپنا دوست بنالو۔ اور اللہ کے فضل سے تمہارا کام پورا ہو جائے گا۔

بستم: ب د ب اے خداوند فال۔ تم جو ہم رکھتے ہو تو غم وفکر مت کرو تمہارا منحوس دن گزر چکے ہیں۔ اب نیک دن آرہے ہیں۔

بست ویکم: ب ج ب اے خداوند فال۔ تم نے جو نیت کی ہے نیک ہے تیرے منحوس دن گئے اب نیک آگئے ہیں لیکن تمہارے مخالف بہت ہیں دشمن کو اپنا دوست بناؤ۔ خدا کے فضل سے تمہارا کام پورا ہوگا۔

بست ودوم: ب ب د اے خداوند فال۔ یہ اندیشہ کہ کیا تو نے بہت مشکل ہے۔ کام تدبیر سے انجام پا جائے گا۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔

بست وسوم: ب د د اے خداوند فال۔ جو طلب تم دل میں رکھتے ہو فکر مت کرو سابق تصدیعہ ہو۔ اب ایک شخص سے غیب سے ملاقات ہوگی۔ اس سے تمہیں بہت فائدہ ہوگا۔ اس کے سوا دوسری توقع مت رکھو۔ چند آدمی تم سے ملیں گے۔ جو کچھ تم کرو گے انجام پائے گا۔

بست وچہارم: ب ج د اے خداوند فال۔ جو کچھ تم چاہتے ہو پورا ہوگا اور دولت ملے گی۔

بست وپنجم: ب د ج اے خداوند فال۔ جو کچھ تم چاہتے ہو بہت مشکل ہے ہرگز نہ ہو سکے گا۔ تمہارے اس کام میں بہت سے دشمن ہیں لیکن اللہ پر بھروسہ رکھو تو ہو جائے گا۔

بست وششم: ب ج ا اے خداوند فال۔ تمہارا مقصد ضرور حل ہوگا اللہ کے فضل پر نظر رکھو تمہارے نیک دن آگئے ہیں۔ عیش وآرام ملے گا۔

ست وہفتم: ب ا ب اے خداوند فال۔ تمہارا کام ہو جائے گا۔ غم وفکر مت کرو۔ بعض مشکلیں

Marfat.com

پیش آئیں گی۔ لیکن اللہ پر بھروسہ کرو کام ہو جائے گا۔

بست وہشتم: ب دا — اے خداوند فال۔ دشمن تمہارے پہلے بہت ہوں گے مگر بعد میں دوست بن جائیں گے۔

بست ونہم: ب اج — اے خداوند فال۔ تمہارا کام بہت مشکل ہے۔ جیسے کشتی دریا میں غرق ہوتی ہے ویسے ہی کام تمہارا ہے۔ اگر اللہ فضل اپنا کرے تو تمہارا کام ہو جائے گا ورنہ اپنے ارادے سے باز آ جاؤ۔

سی ام ودم: ب اا — اے خداوند فال۔ تمہارا کام بہت مشکل ہے۔ جس طرح مچھلی پانی سے نکل کر بے قرار ہو جاتی ہے۔ تمہارا کام ویسا ہی ہے۔ چند بار صدقہ دو۔ اللہ کے فضل سے سرانجام ہوگا۔ اور جس جگہ تم جانے کا ارادہ رکھتے ہو۔ بدل دو وہ کام بالکل پورا نہ ہوگا۔ اسی جگہ ایک آدمی سے غیب سے ملاقات ہوگی۔ اس سے تمہیں فائدہ ہوگا۔

سی ویکم: ب اد — اے خداوند فال۔ تم جو کچھ چاہتے ہو۔ محض بے تدبیر کام ہے۔ اور جو کسی جگہ جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو ہرگز مت جاؤ۔ تمہارے کچھ دن منحوس ہیں۔ اللہ کے فضل پر بھروسہ کرو۔ سب کام ہو جائیں گے۔

سی ودوم: ب ج ج — اے خداوند فال۔ تمہاری یہ نیت بہت نیک ہے۔ تمہیں بہت آرام ملے گا جس طرح چاند دن بدن روشنی نکالتا ہے۔ ویسے ہی تمہارا کام روشنی پذیر ہوگا۔ تمہارے بہتر دن آ گئے ہیں۔ عیش و آرام ملے گا۔ کچھ غم مت کرو مشکل آسان ہو جائے گی۔

سی وسوم: ج ج ج — اے خداوند فال۔ یہ کام بہت آسان ہوگا اور تمہارا مقصد پورا ہوگا۔

سی وچہارم: ج ج د — اے خداوند فال۔ یہ کام بہت آسان ہوگا اور یہ کام کرو۔ تمہارے منحوس دن گزر گئے ہیں۔ اب نیک آئے ہیں۔ بے فکر مت ہو۔ روزگار نصیب ہوگا۔ غم و فکر مت کرو۔

سی وپنجم: ج ب د — اے خداوند فال۔ تمہارا جو خیال ہے وہ پورا ہوگا۔ لیکن راہ میں دشمن کا خطرہ ہے خبر لو۔ اور صدقہ دو۔ آفات دور ہو جائیں گی۔

سی وششم: د ج — اے خداوند فال۔ یہ کام بہ تدبیر کے ساتھ ہوگا۔ دن رات خدا کو یاد کیا کرو۔ اگر

Marfat.com

نصیب میں ہے تو یہ کام ہو جائے گا ورنہ اس سے باز آ جاؤ۔

سی وہفتم: ج اج اے خداوند فال۔ جو کچھ تم نے چاہا ہے یہ نیک کام ہے۔ خاطر جمع رکھو۔

سی وہشتم: ب ج ب اے خداوند فال۔ اس کام میں چندے دن میں یہ کام ہو جائے گا۔

سی ونہم: ج اب اے خداوند فال۔ اس کام میں تمہارے بہت مخالف ہیں۔ جو کچھ دل میں ہے اس سے پرہیز رکھو۔ اللہ کے فضل سے کام ہو جائے گا۔

چہل: ج ج د اے خداوند فال۔ جو کچھ تم نے خیال کیا ہے اس سے تمہیں دولت وراحت ملے گی۔

چہل ویکم: ج دب اے خداوند فال۔ تمہیں راحت وآرام ملے گا۔ اور فائدہ حاصل ہوگا۔ غم مت کرو۔

چہل ودوم: ج اد اے خداوند فال۔ یہ کام تمہارا ہرگز نہیں ہوگا۔ اس کام میں توقف بہت ہے۔ اگر کسی جگہ جانے کا ارادہ ہے تو بدل دو نقصان ہوگا۔

چہل وسوم: ج ج ب اے خداوند فال۔ اس کام میں توقف بہت ہے اگر تم کسی جگہ جانے کا ارادہ کرتے ہو۔ تو بدل دو۔ تمہارا کام مشکل ہے۔ ملاقات سے شاید مقصد پورا ہو جائے۔

چہل وچہارم: ج ج د اے خداوند فال۔ تمہارا یہ کام نیک ہے لیکن تدبیر کے ساتھ ہوگا۔

چہل وپنجم: ج ج د اے خداوند فال۔ جو کام تم کرتے ہو مشکل ہے جلد نہ ہوگا دشمن کو دوست نہ سمجھو۔ اللہ کے فضل پر بھروسہ کرو۔

چہل وششم: اے خداوند فال۔ جو تم نیت کرتے ہو وہ مشکل ہے جلد نہ ہوگا۔ دشمن کو زیر نظر رکھو۔ اور جس جگہ جانے کا ارادہ رکھتے ہو باز آ جاؤ ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔

چہل وہفتم: ج ب ا اے خداوند فال۔ یہ کام ساعت باساعت مشکل ہے۔ ہرگز نہیں ہوگا۔ آفتاب کی پرستش نہ کرو تو شاید مقصد حاصل ہو جائے۔

چہل وہشتم: ج اا اے خداوند فال۔ یہ کام بہت مشکل ہے اس لئے کہ دشمن تمہارا بہت برا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو اس کے دل کو اپنے ہاتھ میں کرو۔ اور اللہ کی عبادت کرو تو مقصد حاصل ہو۔

چہل ونہم: ددو اے خداوند فال: اگر کسی جگہ جانے کا ارادہ رکھتے ہو۔ تو بخوشی جاؤ۔ بہت فائدہ ہوگا۔

پنجاہ: درج د اے خداوند فال۔ تمہارا کام پورا نہ ہوگا۔ اور دن بدن اندیشہ وذلت ملے گی۔

پنجاہ ویکم: ج دد اے خداوند فال۔ یہ چیز تمہارے لائق نہیں۔ اس کام سے باز آ جاؤ تمہارے

Marfat.com

بہت مخالف ہیں۔

پنجاہ و دوم: دب ب اے خداوند فال۔ اس کام میں رخنہ ہے۔ اپنے دوست سے ملاقات کرو تو کام ہو جائے گا۔ اور اللہ کی عبادت کیا کرو۔

پنجاہ و سوم: وج ا اے خداوند فال۔ ایک کام ایسا ہے جس کا تم نے اندیشہ کیا ہے ہر کام تمہارے کسی دوست سے پورے ہوں گے اور اللہ کی عبادت کرو۔

پنجاہ و چہارم: ودا اے خداوند فال۔ تمہیں آرام ملے گا۔ بے چین مت ہو اور اللہ کی عبادت کیا کرو۔

پنجاہ و پنجم: داد اے خداوند فال۔ یہ کام بہت مشکل ہے تدبیر کے ساتھ ہوگا۔

پنجاہ و ششم: دج ب اے خداوند فال۔ جس سے ملاقات کا شوق دل میں رکھتے ہو البتہ اس سے ملاقات ہوگی اور اس سے بہت فائدہ حاصل ہوگا۔

پنجاہ و ہفتم: ددب اے خداوند فال۔ تم جو چاہتے ہو پورا نہ ہوگا۔ اب تمہارے برے دن ایک سال تک رہیں گے لیکن اللہ پر بھروسہ کرو۔ ایک سال بعد تمہارے نیک دن آجائیں گے۔

پنجاہ و ہشتم: داج اے خداوند فال۔ یہ کام بہت جلدی ہوگا فکر مت کرو۔ رنج نہ کرو۔ آرام ملے گا۔

پنجاہ و نہم: دب د اے خداوند فال۔ دوست ملے گا آرام ملے گا۔ زکوۃ دو اور اللہ پر بھروسہ کرو۔

شصت: دج ج اے خداوند فال۔ اس کام میں دولت و آرام ملے گا اور غیب سے راز حاصل ہوگا۔

شصت و یکم: ددا اے خداوند فال۔ جو تم چاہتے ہو وہ تدبیر کے ساتھ ہوگا۔ اور اگر کسی جگہ جانے کا ارادہ ہو تو بدل دو۔ ورنہ نقصان ہوگا۔

شصت و دوم: ددا اے خداوند فال۔ جو تمہارا ارادہ ہے۔ خوب ہے دولت و راحت ملے گی۔

شصت و سوم: دب ج اے خداوند فال۔ جو کچھ تمہارا خیال ہے اس سے آرام ملے گا اب تمہارے نیک دن آئے ہیں۔ البتہ جو کچھ تم چاہتے ہو۔ حاصل ہوگا۔

شصت و چہارم: داب اے خداوند فال۔ تو جو کچھ چاہتے ہو یہ نیک کام ہے۔ البتہ فائدہ ہوگا۔ اللہ کی عبادت کرو۔ سب کام آسان ہو جائیں گے۔

Marfat.com

# مردانہ جسمانی اعضاء سے قیافہ

## بدن

نرم بدن: معمولی سی بات پر یا مشکل میں بے چین ہو جانے والا ہوتا ہے۔ بزدل اور کم ہمت ہوتا ہے۔

سخت بدن: بہادر اور شجاع و جری ہوتا ہے۔ مستقل مزاج عالی ہمت ہوتا ہے۔ عقلمند اور ذہین ہوتا ہے۔

نہ سخت نہ نرم بدن: نیک فطرت و نیک طبع ہوتا ہے۔ دل کا صاف اور محبت کرنے والا ہوتا ہے۔ رحمدلی اور حسنِ خلق سے پیش آتا ہے۔

## قد و قامت

لمبا قد اور لاغر بدن: سنگ دل اور متکبر ہوتا ہے۔ مشکل سے خوش ہونے والا اور دھوکا باز ہوتا ہے مگر بہادر ہوتا ہے۔

چھوٹا قد اور فربہ بدن: بے وقوف، سخت کینہ پرور ہوتا ہے۔ احسان فراموش اور فضول گو ہوتا ہے۔ ضعیف الاعتقاد اور حاسد ہوتا ہے۔

چھوٹا قد اور لاغر بدن سیدھا: وفادار، بہادر اور دانشمند ہوتا ہے۔ مگر دھوکا باز بھی ہوتا ہے۔

چھوٹا قد و لاغر بدن جھکا ہوا: بغیر معقول وجہ کے کسی بات کو تسلیم نہ کرنے والا ہوتا ہے۔ بے حد محنتی اور رازدار ہوتا ہے۔

## قد سے عمر کا اندازہ

90 (نوے) انگشت قد: اس کی عمر 30 برس ہوگی۔

91 انگشت قد: اکیانوے انگشت قد والے کی عمر 32 سال۔

92 انگشت قد: بانوے انگشت لمبے قد والے کی عمر 40 سال ہوگی۔

عمر بلحاظ فی انگشت قد: ایک سو دس انگشت تک قد میں فی انگشت پانچ برس کا اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک سو دس انگشت قد ہو تو عمر 130 برس کی ہوگی۔ اس سے آگے کی ترتیب یہ ہوگی کہ ایک سو گیارہ انگشت لمبے قد کی عمر 133 برس، ایک سو بارہ انگشت لمبے قد کی

Marfat.com

144 برس عمر ہو گی۔ اس حساب سے فی انگشت عمر سات برس کا اضافہ کریں۔ یہاں تک کہ ایک سو بیس انگشت لمبے قد والے آدمی کی عمر 200 برس ہو گی۔

اگر قد کی لمبائی 120 سے زیادہ انگشت ہو تو عمر و جاہ ذی کی دلیل ہے۔

## مردانہ بال

سیدھے اور لمبے بال: جس آدمی کے بال لمبے اور سیدھے ہوں وہ نیک فطرت، خوش خلق، با مروت اور درست اطوار ہوتا ہے۔

چھوٹے، گھنے اور موٹے بال: ایسا آدمی شہوت پرست، شہوت مزاج اور عیاش فطرت ہوتا ہے، مگر بہادر اور طاقتور بھی ہوتا ہے اور احمق بھی۔

کنپٹی اور ابرو کے گھنے بال: ایسا شخص فضول گو، کاہل، دور سے عقل ہوتا ہے۔ ضعیف الاعتقاد بھی ہوتا ہے۔

گھونگریالے بال: ایسا آدمی عاشق مزاج اور بے شعور ہوتا ہے۔ لیکن خوش مزاج، طاقتور اور بہادر بھی ہوتا ہے۔

باریک بال: ایسا شخص نازک طبع اور نیک فطرت ہوتا ہے۔

سخت بال: مضبوط جسم اور سخت بالوں والا شخص دلیر، بہادر اور سخت دل ہوتا ہے۔

سیاہ ملائم اور سیدھے بال: ایسا شخص صلح جو، صلح پسند، خوش مزاج اور زندہ دل ہوتا ہے۔

سرخ یا سرخی مائل بال: جس آدمی کے بالوں کا رنگ سرخی مائل ہو، وہ مکار، فریبی، متکبر اور غصہ ور ہوتا ہے ارادے کا مضبوط ہوتا ہے۔

چھاتی کے بال: ایسا آدمی سچا، نیک بخت اور بلند مرتبہ والا ہوتا ہے۔

پیٹ پر بال: جس آدمی کے پیٹ پر بال نہ ہوں وہ کم عقل اور کند ذہن ہوتا ہے۔

پورے بدن پر گھنے بال: ایسا شخص عیش پسند فطرت کا مالک ہوتا ہے۔

چندیا کے بال: جس آدمی کی چندیا کے بال گر جائیں وہ خوش بخت اور دولت مند ہوتا ہے۔

سر کے اگلے بال: جس آدمی کے سر کے اگلے حصے کے بال گر کر صاف جلد نکل آئے وہ بلند اقبال، حاکم مزاج اور دولت مند ہوتا ہے۔ ایسا آدمی عالم و فاضل اور بلند خیال ہوتا ہے۔

سر کے پچھلے بال: جس شخص کے سر کے پچھلے حصے کے بال گر جائیں۔ وہ ضدی اور حامل جنات

Marfat.com

ہوتا ہے۔ وہ خاندان کی عزت کا خواہش مند بھی ہوتا ہے۔

## کاسئہ سر

بڑا سر: صاحب اقتدار ہو گا۔ خاندان یا قبیلے میں سرداری کی علامت ہے۔

چھوٹا سر: چھوٹا سر دلیری، جرأت مندی کی دلیل ہے۔ چوری کی عادت والا ہوتا ہے۔

چوکور سر: چار کونا یا چوکور سر غربت کی علامت ہے۔

درمیانہ سر: جس آدمی کا سر نہ چھوٹا ہو نہ بڑا ہو بلکہ متناسب یا درمیانہ ساخت و سائز کا ہو تو وہ ذہین اور ہوشیار ہوتا ہے۔

ٹیڑھا سر: ایسا آدمی بد قماش اور بدکار و گناہگار ہوتا ہے۔

## چہرہ

صاف چہرہ: صاف چہرے والا شخص بلند مرتبہ اور خوش بخت ہوتا ہے۔

سرخی مائل گندمی چہرہ: چہرہ سرخی مائل گندمی رنگت کا ہو تو یہ خوش بختی کی علامت ہے۔

زرد چہرہ: زرد چہرہ والا شخص عقل مند اور تیز ذہن ہوتا ہے۔

سیاہ چہرہ: سیاہ چہرے والا اوہام پرست، نیم دیوانہ اور بدمزاج ہوتا ہے۔

سفید چہرہ: سفید رنگ چہرے والا ست اور کاہل ہوتا ہے۔ ایسا چہرہ غربت کی نشانی ہے۔

سبزی مائل چہرہ: چہرے کا رنگ سبزی مائل ہو تو ایسا شخص عورت یعنی بیوی سے زیادہ محبت کرتا ہے۔

خوش چہرہ: ایسا آدمی بلند اقبال اور دولت مند ہوتا ہے۔

کشادہ چہرہ: جس آدمی کا چہرہ کشادہ یا چوڑا ہو، وہ نیک فطرت اور پرہیزگار و متقی ہوتا ہے۔

بیضوی چہرہ: بیضوی چہرے کا مالک عقل مند اور ذہین ہوتا ہے۔

ہرن یا چوہا چہرہ: ایسا آدمی جس کا چہرہ چوہے جیسا یا ہرن جیسا ہو وہ غریب، تنگدست، باصفا ہوتا ہے۔

ترچھا چہرہ: ایسے چہرے والا شخص شریر فطرت کا مالک ہوتا ہے۔ شرارت پسند ہوتا ہے۔

Marfat.com

## مردانہ رفتار اور چال

قدم چھوٹا رفتار تیز: قدم چھوٹا پڑے اور رفتار تیز ہو تو ایسا شخص نرم دل اور بہادر ہوتا ہے۔ وہ اعلیٰ مزاج اور کاروباری ہوتا ہے۔

قدم لمبا رفتار تیز: جو شخص لمبے لمبے قدم اٹھاتا ہوا چلے اس کے اندر متحرک رہنے کا حوصلہ ہوتا ہے مگر وہ بد معاملہ اور نا قابل اعتبار ہوتا ہے۔

ناہموار چال: ایسا شخص مغرور اور متلون مزاج ہوتا ہے۔ جلدی ارادہ بدلتا ہے، رفتار بھی بدلتی رہتی ہے اور کمزور طبع ہوتا ہے۔

سست چال: آہستہ چلنے والا شخص دراصل بہت سوچ بچار اور غور و فکر کرنے والا ہوتا ہے۔ اس کا ذہن تیز اور محرک ہوتا ہے۔

ٹیڑھی چال: ٹیڑھی چال چلنے والا آدمی منکسر المزاج اور بزرگوں کا خدمت گار ہوتا ہے۔

سینہ یا پیٹ نکال کر چلنا: سینہ یا پیٹ نکال کر چلنے والا شخص مغرور، خوش مزاج اور ملنسار ہوتا ہے۔

چپٹے پاؤں: چپٹے پاؤں رکھنے والا آدمی با مروت، مخلص اور ہمدرد ہوتا ہے۔

## آنکھیں

چمکدار بڑی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی صاف دلی، شعور و ذہانت، بے خوفی اور زندہ دلی کو ظاہر کرتی ہیں۔ ایسا آدمی غیر کو بھی اپنا بنا لیتا ہے۔

ترچھی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی بد طینتی، دروغ گوئی، سیاہ دلی، بدبختی اور سنگدلی کی غمازی کرتی ہیں۔

سرخ دھاری سیاہ و سفید آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی عاشق مزاجی اور خواتین سے فائدہ اٹھانے کی علامت ہیں۔ وہ شخص نظر باز ہوتا ہے۔

سیاہ آنکھیں: سیاہ آنکھیں انسان کی سعادت مندی، دانائی، نیک طبیعت اور پرہیزگاری کی علامت ہیں۔

سرخ آنکھیں: سرخ آنکھوں والا بھروسا کے قابل نہیں ہوتا۔ وہ تلخ مزاج، مطلب پرست، عیار، ۔۔سد اور متکبر ہوتا ہے۔

Marfat.com

نیلی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی ذہانت، دولت مندی اور عیش پسندی کو ظاہر کرتی ہیں۔

اندر دھنسی ہوئی بڑی آنکھیں: ایسے شخص کا حافظہ تیز ہوتا ہے۔ وہ تماش بیوی کی صحبت میں رہتا ہے۔ حاسد مغرور اور ضدی ہوتا ہے ایسی آنکھیں اس کی عیاری، دلیری، عیش پرستی اور تلخ مزاجی کی غمازی کرتی ہیں۔

ابھری ہوئی بڑی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی سادگی اور شرافت پسندی کی علامت ہیں۔

چھوٹی آنکھیں: ایسی آنکھوں والا شخص ریا کار، معاملہ فہم، حریص، جرات مند ہوتا ہے۔

بیل جیسی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی کمزور یادداشت، بدن کی موٹائی، بدبختی اور کم عقلی کی علامت ہیں۔

گلابی آنکھیں: عیش پرست اور عاشق مزاج لوگوں کی آنکھوں میں گلابی ڈورے ہوتے ہیں۔

بلی آنکھیں: بلی جیسی آنکھوں والے لوگ بظاہر مسکین مگر عملوں کے پورے ہوتے ہیں۔

کرنجی آنکھیں: کرنجی آنکھوں والے آدمی صاف گو لیکن بدخلق اور بے مروت ہوتے ہیں۔

بادامی آنکھیں: بادامی آنکھوں کے مالک عیاش طبع اور شہوت پرست ہوتے ہیں۔

نیلے رنگ کی آنکھیں: ایسے لوگ متحمل مزاج اور میانہ رو ہوتے ہیں۔

گہرے رنگ کی آنکھیں: ایسی آنکھیں آدمی کی تلخ طبیعت اور جذباتی پن کو ظاہر کرتی ہیں۔

ہلکے رنگ کی آنکھیں: ایسی آنکھیں متانت نرمی، نزاکت اور ہمت وثبات کی علامت ہیں۔

دور دور آنکھیں: ایسی آنکھیں جن کے درمیانہ فاصلہ زیادہ ہو دانائی اور ذہانت کی غمازی کرتی ہیں۔

قریب قریب آنکھیں: جن آنکھوں کے درمیان کم فاصلہ ہو وہ مکر وفریب اور دھوکا بازی کی دلیل ہیں۔

آنکھیں چھپانا: ایسی آنکھیں آدمی کی مروت، سخاوت، ملنساری، اور نیک دلی کو ظاہر کرتی ہیں۔

تھوڑی سی آنکھیں بند کر لینا: بات کرتے وقت آنکھیں تھوڑی سی بند کر لینا عیش پرستی، مکر و فریب اور عیاری کی علامت ہیں۔

آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا: اس انداز میں بات کرنے والا مخلص ونگہبان طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔

چور آنکھ سے دیکھنا: چور آنکھ سے دوسرے کی طرف دیکھنا تنگدلی، حسد، شرم، چالاکی اور کم گوئی

Marfat.com

کو ظاہر کرتی ہیں۔
آنکھیں بند کر کے بولنا: آنکھیں بند کر کے بات کرنا آدمی کی مذہب پسندی کی علامت ہے۔

## ہونٹ۔لب

بڑے ہونٹ: ایسے ہونٹ آدمی کی محنت کشی، زود رنجی اور فراخ دلی کو ظاہر کرتی ہیں۔
موٹے ہونٹ: ایسے ہونٹوں والا حسن پرست اور ذہین ہوتا ہے۔ یہ ذلالت اور دولت مندی کی علامت ہیں۔
سرخ ہونٹ: ایسے ہونٹوں والا صاحب اقتدار یا حکمران ہوتا ہے۔
پتلے ہونٹ: پتلے ہونٹوں والا شخص شوقین مزاج، عقلمند اور ذہین ہوتا ہے۔
ملے ہوئے ہونٹ: اچھی طرح ملے ہوئے ہونٹوں والا شخص خودغرض ہوتا ہے لیکن کام کا بے حد خیال رکھنے والا ہوتا ہے۔
کھلے ہوئے ہونٹ: ہونٹ ہر وقت کھلے رہتے ہوں تو ایسے ہونٹوں کا مالک بہت رذیل، بے رحم، سنگدل اور خون بہانے والا ہوتا ہے۔ لیکن وہ غریب بھی ہوتا ہے۔

## پیشانی۔ماتھا

کشادہ پیشانی: فراخ پیشانی حسن اخلاق، جود و سخا اور دانائی کی علامت ہے۔
پچکی ہوئی پیشانی: پچکی ہوئی پیشانی فتنہ انگیزی، غربت، بدنصیبی، کوتاہ اندیشی اور کم عمری کی علامت ہے۔
شکن آلود پیشانی: پیشانی پر شکن ہوں اور درمیان میں لکیر ہو تو وہ آدمی بلند حوصلہ، بلند ہمت ہوتا ہے۔
گول پیشانی: گول پیشانی والا شخص متقی فیاض اور سخاوت کرنے والا ہوتا ہے۔
کھلی اور لمبی پیشانی: کھلی، لمبی اور ذرا باہر کو ابھری ہوئی پیشانی کا مالک سادگی پسند، ایماندار اور نیک دل ہوتا ہے۔
گوشت سے بھرپور پیشانی: اگر پیشانی گوشت سے بھری ہوئی ہو تو ایسا شخص بلند حوصلہ مگر کم عقل اور مغرور ہوتا ہے۔
سرخی لکیروں والی پیشانی: جس آدمی کی پیشانی پر بالوں کے قریب حوض میں ایک لکیر

Marfat.com

سیدھی اور لمبی ہو تو اس کی عمر 20 برس ہوگی۔ دو لکیریں ہوں تو عمر 30 برس۔ تین لکیریں ہوں تو عمر 60 برس۔ چار لکیریں ہوں تو عمر 80 برس۔ پانچ لکیریں ہوں تو عمر 100 برس۔

ہلکی اور غیر واضح لکیروں والی پیشانی: جس شخص کی پیشانی پر یہ لکیریں گہری اور صاف نہ ہوں تو اس کی آدمی زندگی درمیانہ درجے میں گزرتی ہے۔

## ابرو یا بھنویں

باریک ابرو: اگر ابرو باریک ہوں تو یہ زندہ دلی کی علامت ہے۔

کشادہ ابرو: کشادہ ابرو نیک طبع ہونے کی علامت ہے۔

چھوٹے ابرو: چھوٹے ابرو غریبی اور کم عمری کی علامت ہے۔

خمیدہ ابرو: جس شخص کی ابرو خمیدہ یعنی جھکی ہوئی ہوں گی وہ سخی اور عزت والا ہوگا۔

بلند اور سخت ابرو: یہ آدمی کے چور ہونے کی علامت ہے یعنی ایسا آدمی جس کے ابرو بلند اور سخت ہوں، وہ چور ہوگا۔

آنکھ کے پاس ابرو: آنکھ کے قریب ابرو ہوں تو ایسا شخص ہمدرد، رحم دل، دانا اور عقل مند ہوتا ہے۔

آنکھ سے دور ابرو: جس شخص کے ابرو آنکھوں سے دور ہوں وہ بے وقوف بے رحم اور سنگ دل ہوتا ہے۔

ملے ہوئے ابرو: جس آدمی کے دونوں ابرو ملے ہوئے ہوں وہ با مروت، عاشق مزاج اور عیاش طبع ہوتا ہے۔

ابروؤں میں کم فاصلہ: اگر کسی کے دونوں ابروؤں کے درمیان کم فاصلہ ہو تو وہ نیک طینت، دانش مند، فہم اور مخلص ہوتا ہے۔

ابروؤں میں زیادہ فاصلہ: اگر آدمی کے دونوں ابروؤں کے درمیان فاصلہ زیادہ ہو تو وہ تلون طبع، زود رنج، ذہین اور سنگدل ہوتا ہے۔

## دانت

ہموار دانت: جس آدمی کے دانت ہموار اور باقاعدہ ہوں وہ محنتی ہوتا ہے اور اسے ساری عمر محنت سے روزی ملتی ہے۔

Marfat.com

لمبے دانت: جس شخص کے دانت لمبے ہوں وہ بہت عالم وفاضل ہوگا۔ اُسے ساری زندگی خوشی بھی ملے گی اور تکلیف بھی ہوگی۔

چمکدار دانت: ایسے دانت اقتدار ملنے یا کسی بڑے عہدے پر تقرری ہونے کی علامت ہیں۔

بلی یا بندر جیسے دانت: اگر دانت بلی، بندر، چوہے یا گیدڑ جیسے ہوں تو ایسے دانت غربت اور مفلسی کی علامت ہیں۔

ناہموار یا بے قاعدہ دانت: ایسے دانت دل کے اطمینان کی نشانی ہیں۔ ایسا شخص مطمئن ہوتا ہے۔

## ناک

اونچی ناک: اونچی اور بڑی ناک والا شخص معمول سے زیادہ غیرت مند اور حیادار ہوتا ہے۔ وہ معمول سے زیادہ شہوت پرست ہوتا ہے۔

نوک دار ناک: نوکدار ناک والا شخص خوش قسمت اور نیک بخت ہوتا ہے۔

چھوٹی ناک: چھوٹی ناک والے آدمی میں شہوت پرستی کا مادہ کم ہوتا ہے۔ اس میں غیرت وحیا بھی کم ہوتی ہے۔

ٹیڑھی پتلی ناک: ٹیڑھی اور پتلی ناک غربت ومفلسی کو ظاہر کرتی ہے۔

درمیانی ناک: درمیانی ناک والا شخص ذہین، ہوشیار اور فہیم ہوتا ہے۔

## نتھنے

کشادہ نتھنے: کھلے یا کشادہ نتھنوں والا شخص عام طور پر بہادر اور جوشیلا ہوتا ہے۔ اس میں بہت جوش اور ولولہ ہوتا ہے۔

فراخ نتھنے: فراخ نتھنے غربت اور مفلسی اور تنگدستی کی دلیل ہیں۔

تنگ نتھنے: تنگ نتھنوں والا شخص بزدل، کم ہمت اور سست رفتار ہوتا ہے۔

باریک نتھنے: باریک نتھنوں والا آدمی نازک طبع، حیادار اور وفادار ہوتا ہے۔

## منہ۔دہانہ

چھوٹا منہ: چھوٹا منہ خوبصورتی، ذہانت، شوخی وشرارت اور عقل مندی کی علامت ہے۔

بڑا منہ: بڑے منہ والا شخص زود رنج طبع کا مالک، سادگی پسند اور محنتی ہوتا ہے۔

Marfat.com

درمیانہ منہ: درمیانہ منہ والا آدمی عقل منداور دیانت دار ہوتا ہے۔

## زبان

پتلی زبان: پتلی زبان والا شخص عام طور پر عقل منداور خوش اخلاق ہوتا ہے۔ اس میں اخلاص ہوتا ہے۔

سفید زبان: سفید زبان رکھنے والا شخص عالم باعمل اور سچ بولنے والا ہوتا ہے۔

سیاہ زبان: سیاہ زبان والا آدمی عام طور پر بدزبان اور فحش گو ہوتا ہے۔ ننگی باتیں کرنے اور گالیاں دینے والا ہوتا ہے۔

سرخ زبان: سرخ زبان والا شخص بلند اقبال اور خوش بخت ہوتا ہے۔

موٹی زبان: موٹی زبان عام طور پر بے وقوفی، ناسمجھی اور بے شعوری کی علامت ہے۔

نوک دار زبان: نوکدار زبان والا شخص مفتی، مقرر یا منصف ہوتا ہے۔

## رخسار، گال

پچکے ہوئے رخسار: پچکے ہوئے رخساروں والا شخص عقل مند مگر عیاش طبع ہوتا ہے۔

خوبصورت رخسار: خوبصورت رخساروں والا جن میں بات کرتے وقت گڑھے پڑ جاتے ہوں دولت منداور خوش بخت ہوتا ہے۔

گداز اور بھرے بھرے رخسار: گوشت سے بھرے ہوئے اور گداز رخساروں والا شخص دولت منداور مالدار ہوتا ہے۔

## آواز

اونچی اور باریک آواز: ایسی آواز والا شخص متذبذب، ذہین، خوشامندی اور فہیم ہوتا ہے۔

اونچی اور بھاری آواز: یہ بہادری اور جوش کی علامت ہے۔ ایسی آواز والا شخص مغرور، بلند حوصلہ اور دیانتدار ہوتا ہے۔

کم اونچی اور کمزور آواز: ایسی آواز والا آدمی دانش مند، پرسوچ اور کمزور ہوتا ہے۔

کمزور اور لرزتی آواز: ایسی آواز والا شخص دوسروں کو دیکھ کر جلنے والا، وہمی، ست و کاہل اور خطرناک ہوتا ہے۔

Marfat.com

## ہنسی

مسکرانا: جو شخص صرف مسکرائے وہ سنجیدہ، مدبر اور متین ہوتا ہے۔ ایسے آدمی کے جذبات قوی ہوتے ہیں۔

زور سے ہنسنا یا قہقہہ لگانا: زور سے یا قہقہہ لگا کر ہنسنے والا شخص فتنہ انگیز، احمق اور شریر ہوتا ہے۔

دبی دبی سی ہنسی: ایسی ہنسی فتنہ انگیزی اور مکروفریب کی دلیل ہے۔ ہنسنے والا عیار اور شرانگیز ہوتا ہے۔

آنکھوں سے ہنسی کا اظہار: جس شخص کے ہنستے وقت آنکھوں سے بھی ہنسی کا اظہار ہو وہ عام طور پر متحمل مزاج، شریف النفس اور وفادار ہوتا ہے۔

## گفتار

رک رک کر بولنا: رک رک کر بولنے والا آدمی عام طور پر ذہین، نرم خو اور عقل مند ہوتا ہے۔

جلد جلد بولنا: جلدی جلدی باتیں کرنے والا شخص عموماً خود پسند، بے قرار اور تیز مزاج ہوتا ہے۔

## ٹھوڑی

گول ٹھوڑی: جس شخص کی ٹھوڑی گول ہو وہ ملنسار، سخی، ثابت قدم، عقل مند اور مہمان نواز ہوتا ہے۔

لمبی ٹھوڑی: جس آدمی کی ٹھوڑی لمبی اور آگے نکلی ہوئی ہو وہ عام طور پر ناسمجھ، بے وقوف اور کم عقل ہوتا ہے اس کے شعور میں کمی ہوتی ہے۔

بے ٹھوڑی: کسی شخص کی ٹھوڑی کا نہ ہونا، اس کی نفس پرستی کی دلیل ہے۔ عموماً ایسا آدمی بزدل اور ڈرپوک ہوتا ہے۔

ٹھوڑی میں گڑھا: بعض افراد کی ٹھوڑی میں گڑھا ہوتا ہے۔ ایسا شخص محبت کرنے کا عادی ہوتا ہے۔ اس میں شرم جہالت ہوتی ہے۔

## مونچھیں

چھوٹی اکھڑی مونچھیں: چھوٹے اور تھوڑے بالوں والی مونچھیں جس آدمی کی ہوں، وہ عموماً کمزور ہوتا ہے۔ اس میں شہوت کی کمی ہوتی ہے۔

Marfat.com

گھنی اور بڑی مونچھیں: گھنے بالوں والی لمبی اور بڑی مونچھیں کثرت شہوت، حکومت اور قوت واقتدار کی علامت ہے۔

## ریش، داڑھی

داڑھی غائب: جس شخص کی داڑھی نہ ہو یعنی داڑھی کے بال نہ نکلیں وہ بہادر اور دلیر نہیں ہوتا ہے۔ داڑھی نہ ہونا خلقی کمزوری اور نسوانیت کی علامت ہے۔

چھوٹی داڑھی: چھوٹی داڑھی تنہائی اور تکبر کی علامت ہے۔ ایسا شخص تیز مزاج اور زبان کا تیز ہوتا ہے۔

گھنی داڑھی: گھنی داڑھی والا شخص ملنسار ہوتا ہے۔ گھنی داڑھی دیانتداری اور محنت شعاری کی علامت ہے۔

## گلا

فربہ گلا: فربہ گوشت سے بھرا ہوا گلا دولت مندی کی دلیل ہے۔

کم گوشت اور لمبا گلا: لمبا اور کم گوشت والا گلا فارغ البالی اور آسودگی کی علامت ہے۔

## گردن

چھوٹی گردن: چھوٹی گردن عام طور پر دولت مندی اور نحوست کو ظاہر کرتی ہے۔

اونچی گردن: اونچی گردن والا شخص عموماً خوش قسمت ہوتا ہے۔ یہ نیک بختی کی علامت ہے۔

مچھلی جیسی گردن: جس شخص کی گردن مچھلی سے مشابہ ہو، وہ زندگی میں عموماً ناکامیوں سے دوچار رہتا ہے۔

بھینس جیسی گردن: بھینس کی مانند گردن خودمختار اور سرداری کی علامت ہے۔

صراحی دار گردن: صراحی دار گردن والا شخص بااختیار، حکمران یا سردار ہوسکتا ہے۔

شیر جیسی گردن: شیر جیسی گردن پہلوانی اور شہ زوری کی علامت ہے ایسا شخص بہت طاقت ور ہوتا ہے۔

## کندھا

کندھوں پر زیادہ بال: جس آدمی کے کندھوں پر زیادہ بال ہوں اس کی زندگی محتاجی اور غربت

Marfat.com

میں گزرے گی۔

موٹے اور بڑے کندھے: جس شخص کے کندھے موٹے اور بڑے ہوں تو یہ اس کی بدقسمتی، ناسمجھی، محنت شعاری اور ایمان داری کی علامت ہے۔

درمیانہ کندھے: کمزور کندھے دولت مندی، عقل مندی اور فہم وذکا کی دلیل ہیں۔

کمزور کندھے: جس شخص کے کندھے کمزور ہوں وہ بزدل اور کمزوردل ودماغ کا مالک ہوتا ہے۔

## سینہ

بالوں بھرا سینہ: جس آدمی کے سینے پر بال ہوں وہ عام لوگوں کا خیرخواہ اور ہمدرد ہوتا ہے۔ بالوں والا سینہ عیش پرستی، بے وقوفی اور بے علم کی علامت ہے۔

سینے پر بال نہ ہونا: سینے پر بالوں کا بالکل نہ ہونا آدمی کی قابل تعریف زندگی کی دلیل ہے۔ یہ آدمی کی آرام طلبی، نازک اندامی اور صلح پسندی کو ظاہر کرتی ہے۔

پرگوشت کشادہ سینہ: کھلا اور پرگوشت سینہ مردم آزادی اور غیظ وغضب کی دلیل ہے۔ ایسا آدمی مضبوط، مغرور اور بے باک ہوتا ہے۔

## پسلیاں اور ناف

پتلی ناف: پتلی یا کم گوشت والی ناف غربت وافلاس کی دلیل ہے۔ ایسی ناف والے آدمی کی زندگی محنت ومشقت میں بسر ہوتی ہے۔

پرگوشت گہری ناف: جس شخص کی ناف اور گوشت سے بھری ہو وہ بلند اقبال، خوش بخت اور خوشحال ہوتا ہے۔

8 پسلیاں: اگر آدمی کی پسلیوں کی تعداد آٹھ ہو تو یہ اس کی حکومت اور اقتدار کی علامت ہے۔

9 پسلیاں: جس آدمی کی نو پسلیاں ہوں وہ بلند اقبال دولت مند اور خوش بخت ہوگا۔

10 پسلیاں: اگر دس پسلیاں ہوں تو ایسے شخص کی زندگی فقر ودرویشی میں گزرے گی۔

11 پسلیاں: جس شخص کی گیارہ پسلیاں ہوں وہ زاہد و پرہیزگار ہوگا۔

12 پسلیاں: بارہ پسلیوں والے شخص کی زندگی غربت اور محنت ومشقت میں گزرے گی۔

13 پسلیاں: جس شخص کی تیرہ پسلیاں ہوں وہ خوش حال ودولت مند ہوگا۔

14 پسلیاں: اگر پسلیاں تعداد میں 14 ہوں تو یہ بدقسمتی کی علامت ہیں۔

Marfat.com

## پیٹ۔شکم

سخت اور بڑا پیٹ: بڑا اور سخت پیٹ جس کا ہو وہ حاسد اور زیادہ کھانا کھانے والا ہوتا ہے۔
چھوٹا اور نرم پیٹ: نرم اور چھوٹا پیٹ بد نصیبی، زہد و تقویٰ اور بزدلی کی علامت ہے۔ ایسے آدمی کا جسم کمزور ہوتا ہے۔

## مردانہ پستان

غیر متوازن پستان: جس آدمی کا بایاں پستان داہنے پستان سے موٹا ہو، اس کی شادی خوش بخت اور بلند اقبال عورت سے ہوگی۔
موٹے پستان: جس آدمی کے دونوں پستان موٹے ہوں وہ مال دار ہوگا۔ موٹے پستان دولت مندی کی دلیل ہیں۔

## کمر

موٹی کمر: اگر مرد کی کمر موٹی ہو تو اس کی اولاد زیادہ ہوگی۔ عورت کی موٹی کمر غربت وافلاس کی دلیل ہے۔
پتلی کمر: پتلی اور چیتے جیسی کمر اگر مرد کی ہو تو یہ سرداری کی علامت ہے۔ اگر عورت کی پتلی کمر ہو تو اس کی شادی کسی مالدار گھرانے میں ہوگی۔
گھوڑے جیسی کمر: گھوڑے جیسی کمر آدمی کی محنت شعاری کو ظاہر کرتی ہے۔

## ران

ران پر بہ کثرت بال: رانوں پر زیادہ بال ہونا مرد کی عیش پرستی اور عورت سے مباشرت کرنے کی دلیل ہے۔
ران پر بال نہ ہونا: رانوں پر بالوں کا بالکل نہ ہونا غربت وافلاس کی علامت ہے۔

## پنڈلیاں

کم بالوں والی چھوٹی پنڈلی: جس شخص کی پنڈلی چھوٹی اور کم بالوں والی ہو وہ کمزور، میانہ رو اور بزدل ہوتا ہے۔

Marfat.com

موٹی اور زیادہ بالوں والی پنڈلی: زیادہ بالوں والی اور ابھری ہوئی پنڈلی بے وقوفی بلند اقبالی، مضبوطی، بہادر اور اولاد سے محبت کرنے کی نشانی ہے۔

## ٹانگ

چھوٹی اور بھری بھری ٹانگیں: چھوٹی اور گوشت سے بھری ہوئی ٹانگیں آدمی کی دلیری، حوصلہ مندی، پختہ طبعی اور ثابت قدمی کی دلیل ہیں۔
پتلی اور لمبی ٹانگیں: لمبی اور پتلی ٹانگیں خودستائی، بے وفائی، بدبختی، لاف زنی اور تکبر کی علامت ہیں۔
متناسب ٹانگیں: درمیانی متناسب ٹانگیں آدمی کی خوش گوئی، حسن اخلاق، نیک دل اور شائستگی کی علامت ہیں۔

## پاؤں

چوڑے پاؤں: چوڑے پاؤں آدمی کی بے روزگاری، تنگی اور غربت، مفلسی کی دلیل ہیں۔
ڈھیلے نرم پاؤں: نرم اور دبلے پاؤں کمزور خیالات اور کمزور عقل و دانش کی علامت ہیں۔
چھوٹے پاؤں: چھوٹے پاؤں غربت اور افلاس کو ظاہر کرتے ہیں۔
ٹیڑھے پاؤں: جس شخص کا چلتے وقت تلوا زمین سے نہ چھوئے، پاؤں ٹیڑھا پڑے اور ناخن چمکدار ہوں وہ حکمران کا مصاحب اور درباری ہوگا۔
لمبے اور پر گوشت پاؤں: گوشت سے بھرے ہوئے اور لمبے چوڑے پاؤں جسم کی مضبوطی، زیادہ کھانے اور بے وقوفی کی دلیل ہیں۔

## پاؤں کے انگوٹھے

انگلی سے ملا ہوا انگوٹھا: جس شخص کے پاؤں کا انگوٹھا اور اس کے ساتھ والی انگلی ملے ہوئے ہوں تو وہ کور باطن، جھگڑالو اور بدمزاج ہوتا ہے۔
چھوٹا اور ٹیڑھا انگوٹھا: جس آدمی کے پاؤں کا انگوٹھا چھوٹا اور ٹیڑھا ہو، وہ مصیبت میں مبتلا اور اکثر سفر میں رہے گا۔
انگوٹھا اور چھوٹی انگلی: انگوٹھا اور اس کے ساتھ والی انگلی چھوٹی ہو تو یہ غلامی کی علامت ہے۔

Marfat.com

## پاؤں کی انگلیاں

انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی چھوٹی: اگر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی چھوٹی ہو تو یہ غلامی کی علامت ہے۔
سب سے چھوٹی پاس والی سے بڑی: اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی اپنے پاس والی انگلی سے ذرا بڑی ہو تو یہ دولت مندی کی دلیل ہے۔
چھوٹی انگلی زیادہ چھوٹی: جس آدمی کے پاؤں کی چھوٹی انگلی سب سے چھوٹی ہو تو وہ آدمی بلند اقبال اور شہوت پرست ہوتا ہے۔
سب انگلیاں برابر: جس آدمی کے پاؤں کی تقریباً سب انگلیاں یکساں لمبی اور برابر ہوں اور پاؤں میں پسینہ بھی آتا ہو تو وہ صاحب اولاد ہوگا۔
سب سے چھوٹی انگلی زیادہ بڑی: اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی ساتھ والی انگلی سے زیادہ بڑی ہو تو یہ آدمی کی نحوست کی دلیل ہے۔

## عورت کے جسمانی اعضاء سے قیافہ

### جسم

موٹا بھرا ہوا جسم: موٹا اور بھرا ہوا جسم عورت کے صاحب اولاد ہونے اور خوش بختی و بلند اقبالی کی علامت ہے۔
موٹا سفید جسم: موٹا جسم اور سفید رنگت عورت کے بلغمی مزاج، نسوانی امراض اور عام بیماریوں میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔
دبلا پتلا جسم: دبلا پتلا جسم عورت کی معاملہ فہمی، جسمانی کمزوری اور روانش مندی کو ظاہر کرتا ہے۔
درمیانہ جسم: درمیانہ جسم والی عورت باسلیقہ، دانا اور سگھڑ ہوتی ہے۔
سرخ و سفید جسم: سرخ و سفید جسم والی عورت کی اولاد بہ کثرت ہوتی ہے۔ وہ قوی الصحت اور مضبوط توانا ہوتی ہے۔

### قد و قامت

درمیانہ قد: درمیانہ قد والی عورت شوہر کی محبوبہ، منتظم و خود مختار، باسلیقہ اور نیک بخت ہوتی ہے۔

Marfat.com

لمبا قد: لمبی قد والی عورت سلیقہ شعار، نیک بخت، سخی اور دانا ہوتی ہے۔
چھوٹا قد: چھوٹے یا پستہ قد کی عورت زیورات کی لالچی، خود غرض، طالع، پر خطا اور منحوس ہوتی ہے۔

## چال و رفتار

متوسط و شریفانہ چال: متوسط یا اوسط درجے کی شریفانہ چال عورت کے نیک اور قابل تعریف ہونے کی نشانی ہے۔
آنکھیں مٹکا کر تھرکتی چال: آنکھیں مٹکا کر اور تھرک تھرک کر چلنے والی عورت مشکوک ہوتی ہے۔ ایسی چال نحوست ہوتی ہے۔

## کاسۂ سر

چھوٹا سر: جس خاتون کا سر سائز میں چھوٹا ہو اس کا نصیب برا ہوتا ہے۔
بڑا اور خوبصورت سر: جس عورت کا سر خوبصورت اور بڑا ہو وہ دانا، لیاقت مند اور مستقل مزاج ہوتی ہے۔
لمبا اور بڑا سر: جس عورت کا سر بڑا اور لمبا ہو وہ کمزور جسم، کاہل، حسد کرنے والی اور بے وقوف ہوتی ہے۔

## سر کے بال

سخت موٹے کھردرے چھوٹے بال: ایسے بال عورت کی خود غرضی، لالچ، تند مزاجی، حسد اور کنجوسی کو ظاہر کرتے ہیں۔
سرخ رنگ کے بال: سرخ رنگ کے بال عورت کی تیز مزاجی، زبان درازی اور لڑاکا پن کی علامت ہیں۔
گھونگھریالے سیاہ بال: کالے اور گھونگھریالے بالوں والی عورت مال دار اور خوش بخت ہوتی ہے۔
لمبے سیاہ باریک بال: باریک کالے اور لمبے بالوں والی عورت وفا کے معاملہ میں ہوشیار، دور اندیش اور مستعد ہوتی ہے۔ ایسی عورت سلیقہ مند باہنر اور دانا ہوتی ہے۔

Marfat.com

## جسمانی رنگت

زرد رنگ: زرد رنگ عورت کی بدکاری کی دلیل ہے۔
چمکیلا سیاہ رنگ: سیاہ اور چمکیلا رنگ عورت کے مکروفریب اور بہانہ بازی کی علامت ہے۔
سرخ رنگ: سرخ رنگت والی عورت خوش نصیب اور نیک بخت ہوتی ہے۔

## کان

موٹے اور بڑے کان: موٹے اور بڑے کان عورت کی کم عقلی اور بے وقوفی کو ظاہر کرتے ہیں۔
پتلے اور چھوٹے کان: پتلے اور چھوٹے کانوں والی عورت مبارک اور خوش بخت ہوتی ہے۔
کانوں کے کنارے بال: جس عورت کے کانوں کے کناروں پر بال ہوں وہ بد بخت اور غریب ومفلس ہوتی ہے۔

## آنکھیں

نیلی آنکھیں: نیلی یا نیلگوں آنکھیں عورت کی بے وفائی، عیاری اور فریب کو ظاہر کرتی ہیں۔
سرخ آنکھیں: سرخ آنکھیں عورت کے مکروفریب، عیاری، چالاکی اور عیاشی کی آئینہ دار ہیں۔
سرخی مائل سفید آنکھیں: سفید سرخی مائل آنکھیں امیری، فارغ البالی اور خوشحالی کی دلیل ہیں۔
سرخ وسیاہ آنکھیں: سرخ وسیاہ آنکھیں عورت کی شوہر سے محبت والفت، نرم مزاجی، تحمل و برداشت اور وفاداری کی نشانی ہیں۔
زرد آنکھیں: زرد یا پیلی آنکھیں دکھ، غم، آفت، اور مصیبت کی علامت ہیں۔
سفیدی مائل بھوری آنکھیں: سفیدی مائل بھوری آنکھیں عورت کی خوش بختی اور خوشحالی کی علامت ہیں۔
ہرن جیسی آنکھیں: ہرن جیسی آنکھوں والی عورت قابل بھروسا نہیں ہوتی۔ یہ عورت کے ناقابل اعتبار ہونے کی علامت ہیں۔

Marfat.com

بلی جیسی آنکھیں: بلی جیسی آنکھوں والی عورت قابل بھروسا نہیں ہوتی۔ یہ عورت کے ناقابل اعتبار ہونے کی علامت ہیں۔

مست آنکھیں: مست آنکھیں عورت کے ناقابل یقین اور ناقابل بھروسا ہونے کی دلیل اور اس کے مکروفریب کی نشانی ہیں۔

چھوٹی آنکھیں: چھوٹی آنکھوں والی عورت بدزبان اور بدبخت ہوتی ہے۔ چھوٹی آنکھیں برے نصیب کی دلیل ہیں۔

آنکھوں کی پتلی بہت سیاہ ہونا: خوش بختی اور ہر دلعزیز کی نشانی ہیں۔ ایسی عورت شوہر کی پیاری، وفادار اور صاحب اولاد ہوتی ہے۔

آنکھ میں تل ہونا: آنکھ میں تل کا ہونا عورت کی عیش پسندی، آسائش پرستی اور نحوست کو ظاہر کرتا ہے۔

## پیشانی

ابھری ہوئی پیشانی: ابھری ہوئی پیشانی عورت کے لڑاکا پن، بیکاری اور بے ہودہ پن کی علامت ہے۔

چھوٹی و تنگ پیشانی: چھوٹی اور تنگ پیشانی عورت کی بدبختی، بے شرمی اور غربت و افلاس کی علامت ہے۔

کشادہ اور بڑی پیشانی: کشادہ اور بڑی پیشانی عورت کی سخاوت، دولت مندی اور دیانت و شرافت کی دلیل ہے۔

پیشانی کے سرخ بال: پیشانی پر سرخ اور کھڑے بال عورت کی غربت و مفلسی اور تنگدستی کو ظاہر کرتے ہیں۔

## منہ۔ دہن

لمبا اور فراخ منہ: منہ لمبا اور فراخ ہو اور ہنستے وقت سارے دانت نظر آئیں۔ ایسے منہ والی عورت غریب دکھی اور محنت کش ہوتی ہے۔

تنگ اور گچھ نما منہ: تنگ غنچہ گل کی مانند اور خوبصورت منہ خوش بختی اور دولت مندی کی علامت ہے۔

Marfat.com

کشادہ منہ: منہ کا کشادہ ہونا عام طور پر نفس پرستی، خود غرضی اور تکبر کی دلیل ہے۔

ہونٹ۔لب

پتلے سرخ ہونٹ: دونوں ہونٹ درمیانہ سائز، پتلے، سرخ اور خوبصورت ہوں تو ایسے ہونٹوں والی عورت خوش بخت اور بلند اقبال ہوتی ہے۔

لمبے اور سیاہ ہونٹ: جس عورت کے ہونٹ لمبے اور سیاہ ہوں اس کا شوہر جلد مر جائے گا اور وہ بیوہ ہو جائے گی۔

## رخسار

درمیانہ رخسار: درمیانہ یعنی نہ زیادہ موٹے اور نہ پچکے ہوئے رخسار سعادت، برکت اور خوش بختی کی علامت ہے۔

رخساروں میں گڑھے: اگر بات کرتے یا ہنستے وقت رخساروں میں گڑھے پڑتے ہوں تو یہ بے مروتی اور مکروفریب اور ریاکاری کی نشانی ہے۔

## دانت

غیر متوازن دانت: کسی بھی عورت کے غیر متوازن اور ناہموار دانت ٹھیک نہیں ہوتے۔

چھوٹے دانت: چھوٹے اور انار کے دانوں کی طرح چمکدار خوبصورت دانت عورت کی خوش بختی اور دولت مندی کی علامت ہے۔

لمبے اور میلے دانت: جس خاتون کے دانت میلے اور لمبے ہوں وہ بے شرم، بے ہودہ، تنگ دست اور مفلس ہوتی ہے۔

## زبان

کالی زبان: کالی زبان والی عورت بدزبان، بدمزاج اور جھگڑالو ہوتی ہے۔ اس کی زبان سے نکلنے والی بات اکثر پوری ہو جاتی ہے۔ کالی زبان سب سے بری زبان ہے۔

سفید اور خراب زبان: خراب اور سخت سفید زبان، والی عورت کا بچہ زندہ نہیں بچتا۔ ایسی زبان تباہ حال اور بیہودگی کی دلیل ہے۔

سرخ اور نیلی زبان: سرخ اور نیلی زبان والی عورت نیک سیرت، خوش بخت اور مال دار ہوتی

Marfat.com

ہے۔

## تالو۔حلق

سیاہ تالو: سیاہ تالو بالعموم ہمیشہ لڑائی جھگڑے اور غربت وافلاس میں زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔

سرخ تالو: درمیانہ اور سرخ تالو اچھا اور مبارک ہوتا ہے۔

سفید تالو: سفید تالو غلامی میں زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے جبکہ زرد تالو دنگا فساد، جھوٹ اور فتنہ انگیزی کی علامت ہے۔

بھرا ہوا تالو: گوشت سے بھرا ہوا تالو مفلسی اور دولت سے خالی رہنے کی دلیل ہے۔

## مونچھیں

عورت کے منہ پر مونچھیں ہونا اس کے شوہر کے مرنے کی علامت ہے۔

## ٹھوڑی

طویل اور پتلی ٹھوڑی: جس عورت کی ٹھوڑی طویل اور کم گوشت یعنی پتلی ہو، اس کی زندگی غربت اور محنت ومشقت میں گزرے گی۔

گول اور درمیانہ ٹھوڑی: ٹھوڑی کا خوبصورت اور گول ہونا اور اس میں گڑھا (چاہ۔ذقن) پڑنا خوش بختی اور دولت مندی کی علامت ہے۔

ٹھوڑی پر بال: ٹھوڑی پر بالوں کا ہونا عورت کے جلدی بیوہ ہونے کی علامت ہے۔

## گلا اور گردن

چھوٹی اور پتلی گردن: جس عورت کی گردن چھوٹی، پتلی باریک یا بہت بے وضع ہو وہ غریب و مفلس، محنت کش اور دکھیاری ہوتی ہے۔

ہرنی جیسی گردن اور گلا: گردن اور گلے کا ہرن کی طرح خوبصورت ہونا خوش بختی، دولت مندی اور بلند اقبالی کی علامت ہے۔

## داڑھی

داڑھی یا ٹھوڑی پر بال: ٹھوڑی پر چند بال یا داڑھی ہونا نحوست، بے چارگی، بیوگی اور آبرو

Marfat.com

محفوظ نہ رہنے کی علامت ہے۔

## پستان

لمبے اور بڑے پستان: گوشت سے بھرے ہوئے لمبے پستان عورت کے سنجیدہ اور صاحب اولاد ہونے کی علامت ہیں۔

سکڑے ہوئے پستان: کم گوشت والے یا سکڑے ہوئے پستان عورت کی خودغرضی، بدبختی اور غربت وافلاس کی علامت ہے۔

## سینہ

تنگ اور بلند سینہ: اونچا اور تنگ سینہ بالعموم دکھ، غم اور محنت و مشقت میں زندگی گزرنے کی دلیل ہے۔

سینے پر سرخ رگیں: سرخ رگوں کا سینہ پر ہونا شوہر سے محبت کرنے کی دلیل ہے اور اس کی بلند اقبالی، خوش بختی کی علامت ہے۔

## چھاتیاں

سخت اور گول چھاتیاں: عورت کی سخت اور گول چھاتیاں اس کی مالداری، نیک خصلت اور خوش مزاجی کی علامت ہیں۔

چھوٹی گول اور فربہ چھاتیاں: چھوٹی، پرگوشت اور گول گول چھاتیاں آسودگی وسکون سے زندگی بسر ہونے کی علامت ہیں۔ ایسی عورت بلند اقبال خوش بخت اور شوہر سے بہت محبت رکھتی ہے۔

## ہاتھ اور ہتھیلیاں

سخت اور کھردرے ہاتھ: سخت اور کھردرے ہاتھ بدنصیبی اور بدبختی کی علامت ہیں۔

نرم و نازک ہاتھ: نرم اور نازک ہاتھ خوش نصیبی اور اچھے نصیب کی دلیل ہیں۔

بایاں ہاتھ داہنے ہاتھ سے لمبا: بائیں ہاتھ کا دائیں ہاتھ سے لمبا ہونا حسن خلق، سخاوت اور اخلاص کی علامت ہے۔

دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے لمبا: دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے زیادہ لمبا ہو تو یہ کم حوصلگی، بزدلی

Marfat.com

اور خودغرضی ونفس پرستی کی دلیل ہے۔
نرم اور گداز ہتھیلی: نرم اور گداز ہتھیلی عورت کی شرم وحیا اور بلند اقبالی ونیک بختی کی دلیل ہے۔
پتلی سرخ ملائم ہتھیلی: ملائم، سرخ، خوبصورت اور پتلی ہتھیلی خوش بختی اور مالداری کی علامت ہے۔
سخت اور گہری ہتھیلی: گہری اور سخت ہتھیلی دولت مندی کی علامت ہے۔
ہتھیلی پر کوڑی کا نشان: ہتھیلی پر کنول کے پھول یا کوڑی کا نشان حکمرانی، بلند اقبالی، خوش بختی اور دولت مند شوہر ملنے کی علامت ہے۔
| عید کا دن دیکھنا | خوشی ہو اور دور افتادہ عزیزوں اور دوستوں سے ملاقات ہو |
| عمدہ مکان دیکھنا | بیمار دیکھے تو موت کی نشانی ہے، تندرست دیکھے تو باعث شادمانی ہے۔ |
| عقیق دیکھنا | عزت اور مرتبہ پائے نام روشن ہو جائے۔ |
| عینک دیکھنا | علم وحقیقت عجیب ہو، نشاط ومسرت نصیب ہو۔ |
| عیسیٰ کو آسمان سے اترتے دیکھنا | باران رحمت کی دلیل ہے، فضل رب جلیل ہے۔ |
| عیسائی بادشاہ دیکھنا | ہر طرح امن وامان ہو، رشتہ داروں سے پریشان ہو۔ |
| عراق کے بادشاہ کو دیکھنا | گاؤں کی نمبرداری پائے یا دفتر میں عہدہ مل جائے۔ |
| عجائب گھر دیکھنا | کسی محکمہ میں ملازمت پائے روزی میں برکت ہو جائے |
| عامل بننا | ملازمت مستقل پائے، تنخواہ میں ترقی ہو جائے۔ |
| عمل کرنا کسی وظیفہ کا | فلاح دارین نصیب ہو، خوشی عجیب ہو۔ |
| عراق کا آدمی دیکھنا | رحمت الٰہی قریب ہو، عیش وعشرت نصیب ہو۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عمر بتانا | مرض اور مفلسی کی دلیل ہے' آمدنی قدرے قلیل ہے۔ |
| عمر دریافت کرنا | بیماری سے صحت پائے' شافی مطلق شفا عطا فرمائے۔ |
| عربی گھوڑا دیکھنا | شہسواری کا کمال پائے نیک نامی کی نعمت حاصل ہو جائے |
| عربی آدمی دیکھنا | شجاعت میں شہرت ہو گی' رشتہ داروں میں عزت ہو گی۔ |
| عربی زبان بولنا | علم و فضل اور تقویٰ کی نعمت پائے' خدا پرست ہو جائے۔ |

# غ

| | |
|---|---|
| غوث الاعظم کی زیارت کرنا | مشکلات میں آسانی ہو اللہ کی مہربانی ہو' غیب سے امداد پائے' کامیاب ہو جائے۔ |
| غبار اڑتے دیکھنا | خاندانی جھگڑوں میں مبتلا ہو' پریشانی کا سامنا ہو۔ |
| غلہ دیکھنا | سفر درپیش ہو' رنج پیش ہو' دوستوں سے ملال ہو۔ |
| غبار دیکھنا اپنے منہ پر | بدامنی اور تشویش پائے' مقدمہ میں ناکامی اٹھائے۔ |
| غسل خانہ دیکھنا | موت کی نشانی ہے' راہ سفر آخرت جلد پیش آنی ہے۔ |
| غبارے اڑتے ہوئے دیکھنا | جھوٹی خبریں سننے میں آئیں۔ |
| غبارہ ہاتھ میں دیکھنا | لڑکیوں کی طرف سے راحت پائے' لڑکوں سے آسودہ ہو۔ |
| غرق دریا میں ہونا | نہایت خوار ہو' قرضداری سے لاچار ہو۔ |
| غول جانوروں کا دیکھنا | حکومت و سرداری کی دلیل ہے' سمجھے اگر عقیل ہے۔ |
| غزوہ میں شریک ہونا | خواہشات دلی پوری ہوں' عورتوں سے آرام پائے۔ |
| غبارہ دیکھنا | عیش و عشرت کی نشانی ہے موجب سربلندی و کامرانی ہے۔ |

Marfat.com

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| غش آنا | قرضدار ہو تو قرضہ ادا ہو جائے‘ بیمار ہو تو صحت پائے۔ |
| غسل کرنا | بیماری سے صحت ہو‘ سفر کر کے گھر بخیریت واپس آئے۔ |
| غبار درمیان زمین و آسمان | ملک میں خانہ جنگی ہو یا وبائی امراض سے دل میں تنگی ہو۔ |
| غوری دیکھنا | نعمت غیر مترقبہ پائے‘ طعام لذیذ کھانے میں آئے۔ |
| غرقہ دیکھنا | عشق میں مبتلا ہو‘ فراق کا سامنا ہو۔ |
| غل شور سننا | پریشانیوں میں اضافہ ہو یا ماہر علم قیافہ ہو۔ |
| غالب خود کو دشمنوں پر دیکھنا | نفس امارہ پر غالب ہو‘ دولت دنیاوی کا طالب ہو۔ |
| غلام کو دیکھنا | غلام کو مطیع دیکھے فائدے پائے اگر سرکش دیکھے تو تعبیر برعکس ہو جائے۔ |
| غمگین ہونا | خوشخبری عجیب پائیگا‘ چوری ہوا مال واپس مل جائیگا۔ |
| غلاظت کھانا | دولت ملے آرام پائے‘ حاصل خوشی اور سرور ہو جائے۔ |
| غلاظت جسم پر دیکھنا | گناہوں میں وقت گزاری ہو‘ سخت بیماری ہو۔ |
| غلاظت کپڑوں میں دیکھنا | جھوٹا الزام لگایا جائے‘ آخر کو بریت پائے۔ |
| غلاظت میں گرنا | اچانک مالی فائدہ پائے‘ خوش ہو جائے۔ |
| غیض و غضب کرنا ظالم پر | نیک کام زیادہ ہو‘ سخاوت پر آمادہ ہو۔ |
| غیبی آواز سننا | بیمار کے لئے یہ خواب نحس ہے‘ صدقہ دے شاید نجات پائے فضل الٰہی شامل ہو جائے۔ |
| غائب ہو جانا نظروں سے | افلاس کی نشانی ہے ہر قسم کی حیرانی ہے۔ |
| غیر عورت سے مذاق کرنا | رنج و غم بڑھے‘ قرضداری چڑھے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| غصہ کرنا شریف آدمی پر | سخت بلا میں گرفتار ہو، بہت بیمار ہو۔ |
| غرق ہو کر دریا سے ابھرنا | بیماری سے شفا درازئ حیات ہو، قید و فکر سے نجات ہو۔ |

# ف

| | |
|---|---|
| فرشتگان مقرب کو دیکھنا | مرتبہ بلند ہو، خلق اس سے مستفید ہو۔ |
| فرشتوں کو خوش دیکھنا | دینی احکامات بجالائے، رب جلیل کا قرب حاصل ہو جائے |
| فرشتوں کو جوق در جوق دیکھنا | چوری سے مال کا نقصان ہو، نہایت حیران و پریشان ہو۔ |
| فرشتہ دیکھنا | خوشخبری ہو، بچھڑے دوستوں رشتہ داروں سے ملاقات ہو |
| فرشتوں کو زمین پر افسردہ حالت میں اترتے دیکھنا | کوئی عالم دین وفات پائے یا رہنمائے ملک و قوم کی موت ہو جائے۔ |
| فاتحہ دلانا | کشود کار ہو، اللہ مددگار ہو۔ |
| فاش ہونا راز کا | امور دین میں خلل ہو، پریشانی ڈبل ہو۔ |
| فاختہ دیکھنا | فقیری کی نشانی ہے، باعث سرگردانی ہے، بے دین عورت پائے، پریشان ہو جائے۔ |
| فال دیکھنا | حیرانی و پریشانی بڑھے، غم و تردد و سر چڑھے۔ |
| فانوس روشن دیکھنا | علم دنیا سے بہرہ یاب ہو بد افعالی سے اجتناب ہو۔ |
| فالودہ کھانا | دنیاوی نعمت پائے، بیمار ہو تو درست ہو جائے۔ |
| فیروزہ دیکھنا | دشمن پر فتح مند ہو اگر بے اولاد ہو تو فرزند ارجمند ہو۔ |
| فتح حاصل ہونا دشمن پر | دلی مقاصد میں کامیابی پائے، دشمن پر فتح حاصل ہو جائے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فراق میں مبتلا ہونا | نیک کاموں سے دور ہو' دنیاوی تفکرات سے رنجور ہو۔ |
| فرض نماز پڑھنا | قرضداری کے عذاب سے نجات ہو' خوشی دن رات ہو۔ |
| فشار قبر دیکھنا | اولاد سے تکلیف پائے' قرضداری بڑھ جائے۔ |
| فراک بچی کا چاک دیکھنا | جس بچی کا دیکھے اس کے بزرگوں میں سے کسی کی وفات ہو |
| فطرہ ادا کرنا | قرضداری سے نجات ہو' دور آفات ہو۔ |
| فقیر سے روٹی لینا | فقر و فاقہ میں مبتلا ہو' افلاس کا سامنا ہو۔ |
| فقیر کو خیرات دینا | حاصل خوشی اور سرور ہو' بلایات دور ہوں۔ |
| فقیر کو مہربان دیکھنا | دلی مقاصد پورے ہوں' رنج و غم سے نجات ہو دور آفات ہو |
| فوارہ دیکھنا | عزت و مرتبہ پائے' خوشخبری سنے خوش ہو جائے۔ |
| فوج کو کوچ کرتے دیکھنا | دشمنوں پر فتح مند ہو' حصول معاش سے خورسند ہو۔ |
| فربہ جانور کو دیکھنا | احمق سے نفع پائے' پریشانی دور ہو جائے۔ |
| فالسہ کھانا | والدین کی طرف سے خاص فائدہ پائے یا ورثہ ہاتھ آئے |
| فرج دیکھنا | پردے کی باتیں آشکارہ ہو جائیں۔ |
| فوج میں بھرتی ہونا | لمبا سفر پیش آئے گا' فائدہ کافی اٹھائے گا۔ |
| فوج دیکھنا | کاشت کاری میں اور بیوپار میں منافع ہوگا۔ |
| فلالین خریدنا | حسین عورت پائے' خوشی اور شادمانی اٹھائے۔ |

## ق

| | |
|---|---|
| قرآن شریف لکھنا | روزی اکل حلال سے پائے بڑا متقی اور پرہیزگار کہلائے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قرآن پاک پڑھنا | نیک کام کی دلیل ہے' نہایت عنایت رب جلیل ہے۔ |
| قاری خوش آواز دیکھنا | دوستوں سے راحت پائے اور اولاد سے خوشی ہو آرام ہو روزی کم ہو' نہایت غم ہو۔ |
| قسم کھانا | |
| قسم کھلوانا | خیانت مایہ ہو' شماتت ہمسایہ ہو۔ |
| قبا پہننا | دولت زیادہ ہونے کی علامت ہے' شادی دوسری ہونے کی بشارت ہے۔ |
| قافلہ کو دیکھنا | سوداگری میں نفع بہت پائے یا سفر حج پیش آئے۔ |
| قاصد کو خوش دیکھنا | بگڑے کام بن جائیں' اچھی خبریں سننے میں آئیں۔ |
| قاصد کو رنجیدہ دیکھنا | بنا بنایا کام بگڑ جائے اولاد سے رنج ہو' بری خبر سننے میں آئے۔ |
| قبا رسول اللہ کا دیکھنا | زیارت حرمین شریفین و مدینہ منورہ حصول ہو' دعا مقبول ہو۔ |
| قاضی کو دیکھنا | عورت سے پیار ہو' عزیزوں سے محبت بسیار ہو۔ |
| قربانی کرنا | قرض دنیاوی سے نجات ہو' ترقی حیات ہو' دور آفات ہو۔ |
| قالین بچھانا | حکام میں عزت و خوشی پائے' بزرگوں سے فائدہ اٹھائے۔ |
| قالین پر لیٹنا | تجارت میں نفع ہو' مرتبہ میں ترقی دشمن دفع ہو۔ |
| قلمدان پانا | عہدہ وزارت کا پائے یا نامی امیر کہلائے۔ |
| قالین چاک کرنا | ملازمت سے معزول ہو' عزت خطرے میں پڑ جائے۔ |
| قاز کا شکار کرنا | دشمنوں پر فتح پائے' امداد غیبی حاصل ہو جائے۔ |
| قصاب کو دیکھنا | ظالم ظلم میں گرفتار ہو' نہ طاقت رفتار ہو نہ حاجت گفتار ہو۔ |
| قالب پر ٹوپی چڑھانا | بیروزگار ہو تو روزگار پائے' کنوارہ ہو تو شادی ہو جائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قبا پہننا | عزت و مرتبہ پائے ' دل پسند شادی ہو جائے۔ |
| قبر کو دیکھنا | ترقی عمر کی دلیل ہے اگر مریض ہے تو عمر اس کی قلیل ہے |
| قبا کا دامن چاک ہونا | راز پوشیدہ فاش ہو تہمت سے بچنے کی تلاش ہو۔ |
| قبلہ رخ نماز پڑھنا | بزرگوں کی خدمت کا شرف پائے' بگڑا کام بن جائے۔ |
| قوس وقزح دیکھنا | غلہ کی ارزانی ہو اللہ کی مہربانی ہو۔ |
| قبلہ رخ سے ہٹ کر نماز پڑھنا | بزرگوں کی خدمت کا شرف پائے' بگڑا کام بن جائے۔ |
| قبلہ نما دستیاب ہونا | استاد یا مرشد کی خدمت نصیب ہو' راہ دین قریب ہو۔ |
| قبلہ نما کا تلف ہونا | گناہ گار زیادہ ہو' معصیت میں گرفتار ہو۔ |
| قد اپنا کوتاہ دیکھنا | فتنہ عالم مشہور ہو تکلیف دہی خلائق میں ہر جگہ بدنام ہو۔ |
| قتل کرنا بیوی کو | کسی مالدار عورت سے شادی ہو اور خانہ آبادی ہو۔ |
| قتل کرنا بھائی کو | مال و دولت خوب ہو' نفس امارہ مغلوب ہو۔ |
| قحط پڑتا دیکھنا | شہر میں وبائی امراض پھیلیں۔ |
| قد دراز دیکھنا | عزت بڑھے' بزرگی پائے' شہرت و ناموری ہو جائے۔ |
| قلعہ دیکھنا | دشمن سے نجات ہو' دور آفات ہو۔ |
| قد کوتاہ دیکھنا | ذلت و خواری کی نشانی ہے سخت حیرانی ہے۔ |
| قصاص لینا | دولت قریب ہو' مغفرت نصیب ہو۔ |
| قفل کھولنا | امید بر آنے کی نشانی ہے اور بند کرنا باعث حیرانی ہے۔ |
| قفل توڑنا | بگڑے کاموں میں کامیابی ہو' امید کی کھیتی میں شادابی ہو |
| قمقمہ دیکھنا | عیش و عشرت کی دلیل ہے مگر قلیل ہے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قفل نہ ٹوٹنا | امیدوں میں خامی ہو تو توقعات میں ناکامی ہو۔ |
| قلفی کھانا | خوشی کی بشارت ہے' باعث امارت ہے۔ |
| قرنا بجانا | فتنہ و فساد میں مبتلا ہو' رنج والم کا سامنا ہو۔ |
| قلم ٹوٹ جانا | حد درجہ ذلت و خواری ہو' افلاس اور بے روزگاری ہو۔ |
| قلمدان ملنا | بلند مرتبہ اور عہدہ پائے' نیک عورت سے شادی ہو جائے۔ |
| قندیل روشن کرنا | پیدائش اولاد ہو' غیبی امداد ہو۔ |
| قند کھانا | خوشی کی خبریں سننے میں آئیں۔ |
| قوالی سننا | دور غیض ہو' بزرگوں سے روحانی فیض ہو۔ |
| قید ہونا | تفکرات دنیاوی سے نجات پائے' احکام دین بجالائے۔ |
| قیدی کو رہا کرنا جزیہ سے | خوشی کثیر ہو' دولت ملے امیر ہو۔ |
| قے چاٹنا | رنج و مصیبت میں اسیر ہو' افلاس دامن گیر ہو۔ |
| قبر پر فاتحہ پڑھنا | قبر کسی عزیز کی ہو تو فائدہ پائے' غیر کی ہو تو نقصان اٹھائے۔ |
| قبر پختہ بنانا | مال و دولت اچھی پائے' مکان رہنے کا تعمیر کرائے۔ |
| قبر کو گرانا | کسی مقدمہ میں اسیر ہو گا یا بیماری سے دلگیر ہو گا۔ |
| قبرستان میں جانا | کسی بزرگ کی زیارت نصیب ہو گی' خوشی عجیب ہو گی۔ |
| قتل کرنا | گناہگاری میں نام ہو' حاصل مال حرام ہو۔ |
| قصر دیکھنا | زندگی راحت سے بسر ہو گی یا پیدائش پسر ہو گی۔ |
| قرآن شریف کا ورق کھانا | شدید بیماری پائے' یا موت کا پیغام آئے' توبہ کرے نجات ہو صدقہ دے دور آفات ہو۔ |

Marfat.com

# ک

| | |
|---|---|
| کرم کھانا | قحط کی نشانی ہے' سخت پریشانی پیش آنی ہے۔ |
| کلاہ لمبی پہننا | پلٹن میں ملازم ہو جائے اور اگر ملازم ہو تو سرداری پائے۔ |
| کاج قمیض میں بنانا | مشکلوں میں آسانی ہو' رب العزت کی مہربانی ہو۔ |
| کیچڑ میں گرنا یا پھنس جانا | قرضداری کی نشانی ہے' صعوبت میں مبتلا ہو کر خرابی پیش آنی ہے۔ |
| کافر مشرک سے روپیہ ملنا | کسی موذی دشمن کا مال پائے کسی نیک کام میں خرچ ہو جائے۔ |
| کسم کا کھیت دیکھنا | ہم چشموں میں سرخرو ہو' تولد دختر نیک خو ہو۔ |
| کیچڑ میں گر کر باہر نکلنا | پریشانی دور ہو' خوشی اور سرور ہو۔ |
| کوزہ دیکھنا | عورت پاکیزہ پائے' بڑے مزے اڑائے۔ |
| کھچڑی کھانا | مرض کی علامت ہو' بیماری کی شکایت ہو۔ |
| کلید ملنا | روزگار اچھا پائے' مال و دولت ہاتھ آئے۔ |
| کعبہ کی زیارت ہونا | اُمیدوں میں کامیابی پائے' عزت و مرتبہ ہاتھ آئے۔ |
| کرن پھول دیکھنا | ترقی مال کی علامت ہے۔ زیور بنوانے پر دلالت ہے۔ |
| کافر کو جان سے مارنا | نفسانی خواہشات دور ہو۔ حاصل خوشی اور سرور ہو۔ |
| کاتنا | دشمن دفع ہو' کاروبار میں نفع ہو۔ |
| کافور دیکھنا | دیانت داری میں نام ہو' آخرت میں نیک انجام ہو۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کان دیکھنا | مالدار بیوی ملے گی' دلی امیدوں میں کامیابی اُٹھائے۔ |
| کان میں بچے کے اذان دینا | کسی عزیز کی طرف سے خوشخبری پائے' دولت ومسرت ہاتھ آئے۔ |
| کبوتر دیکھنا | علم واقبال میں ترقی پائے' دولت ومسرت ہاتھ آئے۔ |
| کپڑا بیچنا | دشمنوں سے سخت فساد ہو' عزیزوں سے عناد ہو۔ |
| کپڑے میں خون دیکھنا | کوئی جھوٹی تہمت لگے جس سے ملال ہو پریشانی اور ذلت کا احتمال ہو۔ |
| کپڑا خوبصورت سلا ہوا | رب العزت کی مہربان ہو' روزی ملنے میں آسانی ہو۔ |
| کتاب پڑھنا | کوئی اچھی جگہ نوکری پائے' حافظ تیز ہو جائے۔ |
| کتاب خریدنا | رزق ودولت نصیب ہو' رحمت خداوندی عجیب ہو۔ |
| کنواں کھودنا | اگر پانی سے بھرا ہوا ہو تو مال ہاتھ آئے گا۔ خالی ہو تو روزی کے لئے کنویں جھکائے گا۔ |
| کپڑا یعنی موزہ پاؤں کا | عورت دیکھے تو خداوند کی پیاری ہو' مرد دیکھے تو قدرے بیماری ہو۔ |
| کپڑا ہاتھ کا رومال دستانہ | مرد دیکھے تو دشمن پر فتح پائے' عورت دیکھے تو فرزند تولد ہو جائے۔ |
| کتا دیکھنا | کمزور دشمن سے لڑائی ہو بعد میں صلح صفائی ہے۔ |
| کتے کا بھونکنا | بیماری کا حملہ پائے' جلدی شفا ہو جائے۔ |
| کتے کا کاٹنا | دشمن سے مقدمہ بازی اور لڑائی ہو آخر میں صلح اور صفائی ہو۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کتے کا مطیع ہونا | روزگار کو جلیل ہو۔ مگر منافع قلیل ہو۔ |
| کبوتر کا گوشت | حسین عورت پائے' مال و دولت ساتھ لائے۔ |
| کبوتروں کا جھنڈ | راحت خانہ داری میسر آئے' مال و دولت سے نفع پائے' رشتہ داروں میں عزت ہو جائے۔ |
| کچھوا دیکھنا | سفر دریا کا پائے' مال و دولت ساتھ لائے۔ |
| کچھوا ناپاک جگہ پر | تشویش اور پریشانی ہوگی' رسوائی اور حیرانی ہوگی۔ |
| کژدم | رنج اور تکلیف پائے' مصیبت سے پریشان ہو جائے۔ |
| کوزہ | خوبصورت اور اطاعت گزار بیوی پائے' مال و دولت ہاتھ آئے۔ |
| کوئلہ | دکھ درد' مرض' آفت' خطرہ اور عداوت پیدا ہوگی۔ |
| کشمیرا خریدنا | دولت ہاتھ آئے' عمدہ کپڑا پہننے کو پائے۔ |
| کاجل لگانا | بال بچوں کی طرف سے سکھ ہوگا' احباب سے عزت ہوگی۔ |
| کعبہ دیکھنا | دل کا ملال دور ہو' علم و حکمت اور حج کی سعادت سے مسرور ہو۔ |
| کاغذ دیکھنا | کورا کاغذ دیکھے مقصد میں کامیابی پائے' لکھا ہوا ہو تو دولت مل جائے گی۔ |
| کاشتکار | دولت علم ہاتھ آئے' کسی بزرگ سے ملاقات پائے۔ |
| کلنگ | حکومت سے انعام پائے احباب میں توقیر اور عزت پائے۔ |
| کلنگ کا شکار | کاروبار پھولے پھلے گا' فائدہ ہوگا' منصب ملے گا۔ |

Marfat.com

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| کلاہ | عمر دراز ہو، در راحت باز ہو، تشویش دور ہو خوشی اور سرور ہو۔ |
| کلید دیکھنا | مفلسی سے کنارہ ہو، عزیزوں میں پیارا ہو۔ |
| کلید سے دروازہ کھولنا | منصب جلیل ملے گا' کاروبار پھولے پھلے گا۔ |
| کفن پہننا | عمر دراز ہو، دولت بے قیاس ہو۔ |
| کلام پرندہ سے کرنا | زیادہ یعنی کثیر ترکہ پائے یا غیبی خزانہ ہاتھ آئے۔ |
| کرتہ سینا | مفلسی دور ہوگی' مالداری ضرور ہوگی۔ |
| کرتہ پہننا | مفلسی دور ہوگی' مالداری ضرور ہوگی۔ |
| کیچڑ میں گرنا اور صاف نکلنا | مسرت اور راحت حاصل ہو۔ |
| کیلا کھانا | خوشی شادمانی کی دلالت ہے' تحفظ کی علامت ہے۔ |
| کھیت کاٹنا | خوبصورت بیوی کی جدائی قلیل ہے' قتل یا کسی مقدمہ میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| کھیت خشک | روزی رزق بڑھے گا' تنخواہ میں اضافہ ہوگا۔ |
| کھیت جنگل میں | دشمن سے حملہ کا خطرہ پائے' آخر میں کامیاب ہو جائے۔ |
| کھیت ہرا دیکھنا | علم اور دولت پائے' مالدار ہو جائے۔ |
| کمند | مقدمہ میں ضمانت کی ضرورت ہو مشکل کاموں میں اعانت کی ضرورت ہو۔ |
| کمان معہ تیر | بیوی بچوں سے ملاقات پائے' سفر پیش ہو جائے۔ |
| کمان کھینچنا | سفر مفید پیش آئے گا' خوشی اور راحت پائے گا۔ |
| کنجشک | روزی حلال پائے' عہدہ میں ترقی ہو جائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کنجشک کا گوشت | کھوئے ہوئے رشتہ داروں کی خبر پائے یا گھر میں اولاد پیدا ہو جائے۔ |
| کنجشک کا گھونسلہ | حکمت میں نام' علاج نسواں میں کمال ہو۔ |
| کشتی کو ڈوبتے یا خشکی پر آتے دیکھنا | سخت مصیبت میں گرفتار ہو نہ کوئی یار ہو نہ مددگار ہو۔ |
| کافر کی خوشامد کرنا | اولاد سے رنج زود ہو' ذلت وخواری موجود ہو۔ |
| کشتی پار ہوتے دیکھنا | غنچہ آرزو کھل جائے' مراد دلی مل جائے۔ |
| کمبل اوڑھنا | فسق وفجور کی دلالت ہے' حرام خوری کی علامت ہے۔ |
| کافر ہوتا دیکھنا آپ کو | خدمت بزرگاں سے اجتناب ہے' حرام خوری کی علامت ہے۔ |
| کان میں درد ہونا | دوستوں اور عزیزوں سے رنج اُٹھائے بری خبر سننے میں آئے۔ |
| کوہ قاف کی سیر کرنا | وارث سلطنت ہو' ہفت اقلیم کی بادشاہت ہو۔ |
| کان کا میل صاف کرنا | روزی اچھی پائے' خوشی کی خبر سننے میں آئے۔ |
| کرم شب تاب دیکھنا | از قسم جواہرات پڑا پائے' عورت اچھی خوبرو ہاتھ آئے۔ |
| کان کٹ جانا | عورت سے جدائی ہے' اولاد کے لئے برائی ہے۔ |
| کرتہ پہننا | علم وفضل کے حصول اکتساب کرے جہل سے اجتناب کرے۔ |
| کان دراز دیکھنا | خبر خراب سننے میں آئے' پریشانی بڑھ جائے۔ |
| کوئلہ دیکھنا | زیادتی عصیان کی نشانی ہے انجام میں بدنامی وپریشانی ہے۔ |
| کانا آدمی دیکھنا | رنجیدگی کی دلیل ہے' پریشانی قلیل ہے۔ |
| کوا دیکھنا | کوا بولتے دیکھے عزیز مسافرت سے واپس آئے اور اگر خاموش دیکھے رنج اُٹھائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کانا دیکھنا خود کو | مصیبت میں گرفتار ہو اولاد بیمار ہو۔ |
| کمر کھانا | دوستوں سے ترش روئی ہو محبوبہ سے بدخوئی ہو۔ |
| کھیتی کرنا | امیدوں میں کامیابی ہو رزق میں ترقی تجارت میں شادابی ہو۔ |
| کمر باندھنا | سفر دور دراز پیش آئے، مگر دولت بے شمار ساتھ لائے۔ |
| کبوتروں کا غول دیکھنا | روزی روزگار میں فلاح ہو حالات روبہ اصلاح ہو۔ |
| کوڑیاں دیکھنا | تکلیف معیشت پیش آتی ہے صعوبت و مصیبت اٹھاتی ہے۔ |
| کبوتر کا گوشت کھانا | بیمار دیکھے تو صحت کی نشانی ہے بیماری دور ہو جاتی ہے۔ |
| کھرپا دیکھنا | تکلیف رسان خلائق ہو محتاج نان شبینہ مع علائق ہو۔ |
| کبوتر ہاتھ پر بیٹھا دیکھنا | بغیر مشقت کے روزی پائے، فضل خدا ہو جائے۔ |
| کرم کلہ دیکھنا | دستر خوان کشادہ ہو متعلقین کو نفع زیادہ ہو۔ |
| کپڑا ناپاک دیکھنا | مفت کی پریشانی اُٹھائے تہمت لگائے جائے۔ |
| کافور دیکھنا | روپیہ بہت پائے۔ مگر عارضہ لقوے کا ہو جائے۔ |
| کپڑا فروخت کرنا | رنج بسیار ہو۔ عورت سے تکرار ہو۔ |
| کشتی دیکھنا | رنج واندوہ دور ہو حاصل خوشی و سرور ہو۔ |
| کباب کھانا | بیماری و ماندگی رفع ہو تکلیف و رنج دفع ہو سفر کی علامت ہو روپیہ ملنے کی بشارت ہے۔ |
| کتے کا بھونکنا | وحشت ناپاک خبر پائے رنجیدہ ہو جائے۔ |
| کنول جلانا | خلائق کو نادم کرے اطاعت خدا دائم کرے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| پچھوا دیکھنا | صبر واستقامت پائے، علم سے نفع اُٹھائے۔ |
| کپڑا دھوتے دیکھنا | گناہوں سے پاک ہو، امیروں سے تپاک ہو، کبھی نہ غمناک ہو۔ |
| کریلا کھانا | بیماری سے نجات ہو، درازی حیات ہو۔ |
| کرن آفتاب دیکھنا | بادشاہ دمساز ہو، در راحت باز ہو، عورت سے راز و نیاز ہو۔ |
| کلام فرشتوں سے کرنا | بیمار کے لئے یہ خواب نحس ہے صدقہ دے نجات ہے ورنہ وفات ہے۔ |
| کھان دیکھنا | عورت دیکھے تو فائدہ ہو۔ |
| کلام پرندوں سے کرنا | مال میراث کا پائے۔ کوئی دبی مصیبت سامنے آئے۔ |
| کنویں میں گرنا | رنج کا ظہور ہو، تکبر ونخوت دور ہو مرد دیکھے تو غم زیادہ ہو۔ |
| کشتی آپس میں لڑنا | قرضداری سے نجات ہو، خوشی دن رات ہو۔ |
| کالی پھٹتے دیکھنا | دشمن پر خروج کرے، اللہ اس کا عروج کرے۔ |
| کفن دیکھنا | در اُمید باز ہو، عمر دراز ہو۔ |
| کفن پہننا | مہم سخت پیش آنی ہے۔ مگر آخر میں حصول کامرانی ہے۔ |
| کمان کھینچنا | سفر پیش آئے، کوئی دلی امید پوری ہو جائے۔ |
| کشتی لڑنا | مشقت کی نشانی ہے، قسمت میں مصیبت وسرگردانی ہے۔ |
| کمان ٹوٹ جانا | عزت ومرتبہ سے معزول ہو، رنجیدہ اور ملول ہو۔ |
| کباب بھوننا | سوختگی رنج ومصیبت کی دلیل ہے، سمجھے اگر عقیل ہے۔ |
| کمان بنانا | رزق میں ترقی پائے، لڑکا خوش نصیب ہو جائے۔ |

Marfat.com

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| کمربند ٹوٹ جانا | ذلت ورسوائی کا سامنا ہو' مشکل آبرو کا تھامنا ہو۔ |
| کمربند باندھنا | عزت ونیک نامی کی دلیل ہے' فضل رب جلیل ہے۔ |
| کنگھی کرنا | امیدوں میں کامیابی پائے' بیماری سے شفا کامل حاصل ہوجائے۔ |
| کنگھی ٹوٹ جانا | عورت دیکھے تو زندگی خوشگوار ہو' مرد دیکھے تو بیمار ہو۔ |
| کنویں سے پانی کھینچنا | محنت ومشقت سے روپیہ کمائے' غریبوں کو فائدہ پہنچائے۔ |
| کنویں میں گرنا | عہدے اور مرتبہ سے معزول ہو' نہایت ملول ہو۔ |
| کوئلہ کا انبار دیکھنا | رنج وغم دونا ہو' روزگار سونا ہو۔ |
| کیچڑ میں گر جانا اور نکل آنا | اچانک مالی مفاد پائیں' پریشانیاں دور ہوجائیں۔ |
| کشتی میں سوار ہونا | رنج وغم دور ہو' حاصل خوشی اور سرور ہو۔ |
| کشتی سے کنارے پر اُترنا | قرضہ سے نجات پائے' گھر آباد ہوجائے۔ |
| کشتی کا غرق ہونا | گھر میں تکرار ہو' امیدوں میں ناکامی بسیار ہو۔ |
| کیکر کا درخت دیکھنا | عمر زیادہ پائے' مال ودولت ہاتھ آئے۔ |
| کرکٹ کھیلنا | کسی دوست کا خط آئے گا۔ یا کسی رشتہ دار کی خبر پائے گا۔ |
| کستوری دیکھنا | حسب منشا شادی پائے' یا لڑکا کا تولد ہوجائے۔ |
| کنگھی ہاتھ سے گرنا | مرض یا مرگ کی دلیل ہے' عمر زندگی قلیل ہے۔ |
| کنگھی ٹوٹی ہوئی دیکھنا | بیماری آئے گی' نامرادی منڈلائے گی۔ |
| کنگھی دیکھنا | صحت ہوگی' امید برآئے گی' قرضداری سے نجات ہوجائے گی۔ |

Marfat.com

# گ

| | |
|---|---|
| گھر کو کھودنا | بیمار دیکھے تو موت پائے تندرست دیکھے تو مقدمہ میں پھنس کر قید کی سزا پائے۔ |
| گھوڑے پر سوار ہونا | عزت و مرتبہ پائے‘ شان دوبالا ہو جائے۔ |
| گھوڑے سے گرنا | عزت و مرتبہ جائے‘ مصیبت و ذلت کا سامنا پائے۔ |
| گیند کھیلنا | خوشی و عزت کا سامنا ہو وہ پوری ہو جو دل کی تمنا ہو۔ |
| گدھے کی آواز سننا | رنج و غم کی نشانی ہے‘ سخت مشکل پیش آنی ہے۔ |
| گیہوں کا انبار دیکھنا | دولت و عزت کافی ہو‘ رزق میں فراخی ہو۔ |
| گوہر دیکھنا | حاکم‘ سردار یا افسر سے نفع ہونیکی دلیل ہے مگر آمدنی قلیل ہے۔ |
| گھر بنانا | ملازمت اچھی پائے‘ تجارت میں ترقی ہو جائے۔ |
| گھی خریدنا | رزق میں فراخی ہونیکی دلیل ہے شادی جانیکی سبیل ہے۔ |
| گلاب دیکھنا | دین و دنیا کی نعمت پائے‘ دل کی امید پوری ہو جائے۔ |
| گونگا ہو جانا | افلاس کی نشانی ہے‘ پریشانی پیش آنی ہے۔ |
| گھوڑا دیکھنا | حکومت و ریاست پائے‘ عہدہ دار بڑا ہو جائے۔ |
| گاجر دیکھنا | موسم میں دیکھے فائدہ پائے‘ بے موسم دیکھے نقصان اُٹھائے۔ |
| گاجر کھانا | بخیل سے فائدہ ہو‘ زور و قوت زیادہ ہو۔ |
| گاڑی میں سوار ہونا | تندرست کے لئے حاجت سفر پیش آنی ہے بیمار کے لئے موت کی نشانی ہے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| گوشت کھانا | مفت میں مار کھانی پڑے مصیبت و تکلیف اُٹھانی پڑے۔ |
| گھر زمین پر بنانا | تولد فرزند ہو یا دختر ارجمند ہو سبب قیام ہو نام مشہور خاص و عام ہو یا کوئی کتاب تصنیف کرے جس سے نام باقی رہے۔ |
| گرم پانی ملنا | بیمار صحت پائے' تندرست ہو تو بیمار ہو جائے۔ |
| گھر سونے کا دیکھنا | دشمن سے لاگ لگے یا گھر میں آگ لگے۔ |
| گائے کا دودھ پینا | دلی مقصدوں میں کامیابی پائے یا اچھی جگہ شادی ہو جائے۔ |
| گائے فربہ دیکھنا | رزق و دولت میں ترقی پائے نعمت حاصل ہو جائے۔ |
| گالی دینا | رنج و مصیبت کا سامنا پائے' کوئی گناہ سرزد ہو جائے۔ |
| گائے لاغر دیکھنا | افلاس کی نشانی ہے قرضداری سے پشیمانی ہے۔ |
| گائے زرد رنگ دیکھنا | عورت بدصورت پائے یا تپ کی بیماری آئے۔ |
| گدھا فربہ دیکھنا | دولت بے اندازہ ہو اولاد سے خوشی زیادہ ہو۔ |
| گدھے کو ذبح کرنا | امیدوں میں حیرانی ہو تدبیروں میں پریشانی ہو۔ |
| گدھے کو خچر بنا دیکھنا | تجارت کرے تو دولت پائے سفر کرے تو فائدہ اٹھائے۔ |
| گدھے کو بلی بنا دیکھنا | چوروں سے نفع ہو' مگر مال چوری شدہ رفع ہو۔ |
| گدھے کا پیشاب دیکھنا | رسوائی بے لاگ ہو' بیماری سوزاک ہو۔ |
| گدھا پشت پر دیکھنا | قسمت کا ستارہ ترقی پائے مال و دولت ہاتھ آئے۔ |
| گیہوں دیکھنا | سختی اور پریشانی اُٹھائے بعد صدقہ دینے کے دولت پائے۔ |
| گردن کٹنا | حج کی سعادت نصیب ہو' اللہ کی رحمت قریب ہو' قرضداری سے نجات ہو' مال کی بہتات ہو۔ |

Marfat.com

| خواب | تعبیر |
|---|---|
| گوشت کچا دیکھنا | رشتہ داروں سے رنج اُٹھائے، مال حرام ہاتھ آئے۔ |
| گوشت پکا ہوا دیکھنا | عیش وراحت قریب ہو مال ودولت نصیب ہو۔ |
| گورستان میں جانا | مقدر میں برائی ہے، عزیزوں سے لڑائی ہے۔ |
| گھی | بیماری سے نجات ہو، فائدہ دن رات ہو۔ |
| گھر فراخ وسیع | اولاد زیادہ ہو، مال ودولت بے اندازہ ہو۔ |
| گھر سونے کا دیکھنا | مال چوری جائے یا گھر میں آگ لگ جائے۔ |
| گھر میں دخل غیر کا | روزی میں تنگی، مقدمہ میں ہار ہو، صدقہ دیدے تو بیڑا پار ہو۔ |
| گھر میں زیادتی کرنا | حکومت سے عزت پائے مال ودولت بڑھ جائے۔ |
| گھر کا منہدم ہونا | شامت اعمال آئے گی دربدری ٹھوکریں کھلوائے گی۔ |
| گھر نامعلوم | خاتمہ بالخیر ہو اور بہشت کی سیر ہو۔ |
| گھر لوہے کا دیکھنا | عمر دراز ہو در راحت باز ہو۔ |
| گولر یا گولر کا پھول دیکھنا | دولت ونعمت زیادہ ہو، تجارت میں فائدہ ہو۔ |
| گھی کا کپا دیکھنا | چرب زبانی میں مشہور ہو اگر تجارت کرے نفع ضرور ہو۔ |
| گدھے کا گوشت کھانا | مال احمق کا غضب کرے اسکی پاداش میں غضب پڑے۔ |
| گرجنا بادل کا دیکھنا معہ بجلی | غضبہ شاہی میں گرفتار ہو نہایت ذلیل وخوار ہو۔ |
| گورخر کا شکار کرنا | سرکاری شاہی میں پیش ہو، حسن اقربا وخویش ہو، یا غلبہ دشمن پر پائے۔ اس سے فائدہ اُٹھائے۔ |
| گھانس دیکھنا | سرسبزی کی نشانی ہے سبب حصول کامرانی ہے۔ |
| گدھا دیکھنا | شقاوت میں مشہور ہو۔ مثل شیطان مغرور ہو۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| گائے سفید دیکھنا | عورت حسین پائے، غم سے نجات ہو جائے۔ |
| گدائی کرنا | قرضہ سر سے ٹلے گا' کاروبار پھولے پھلے گا۔ |
| گورخر دیکھنا | تجارت میں فائدہ ہو مال ہاتھ آئے یا خوب صورت عورت سے شادی ہو جائے۔ |
| گیند بلا دیکھنا | حسین خوب صورت بیوی آئے گی، معقول جہیز و جائداد ساتھ میں لائے گی۔ |
| گھوڑا دوڑنا | مقاصد حاصل ہونے کی دلیل ہے' دین کی تکمیل ہے۔ حکومت میں حصہ لینے کی سبیل ہے۔ |
| گھوڑا سمند | شجاعت میں نام ہوگا یا بیماری کو قیام ہوگا۔ |
| گھوڑا ابلق | فوجی ملازمت پائے' بہادری میں نام ہو جائے۔ |
| گھوڑا کمیت | امتحان میں کامیابی ہوگی' مسرت شتابی ہوگی۔ |
| گھوڑا سیاہ | عہدہ افسری کا پائے یا لاٹری کا انعام ہاتھ آئے۔ |
| گھوڑے پر کسی کو سوار دیکھنا | جسے سوار دیکھے وہ ملازمت پائے یا اس کی دلی تمنا پوری ہو جائے۔ |
| گھوڑی کا دودھ دیکھنا | کنوارہ دیکھے تو شادی سے خورسند ہو' شادی شدہ دیکھے تو پیدا فرزند ہو۔ |
| گھر تنگ دیکھنا | عورت ہو خام پارہ' تجارت میں ہو خسارہ ملازمت جائے۔ مفلسی آئے۔ |
| گھر میں آتشکدہ دیکھنا | شاہی ملازمت پائے' مال و دولت ہاتھ آئے۔ |

Marfat.com

# ل

| | |
|---|---|
| لوح دیکھنا | اگر لکھی ہوئی دیکھے تو حالات آئندہ سے مطلع ہو جائے۔ سادہ دیکھے سادہ لوح کہلائے۔ |
| لاش دیکھنا | دلی امیدوں میں کامیابی پائے' مقصد حاصل ہو جائے۔ |
| لباس سیاہ پہننا | مصیبتوں میں گرفتار ہو نہایت ذلیل وخوار ہو یا غم فرزند اٹھائے۔ جان پر بن جائے۔ |
| لال پرند دیکھنا | اگر ہاتھ پر دیکھے دولت پائے' سر پر دیکھے تو سرداری وشہرت حاصل ہو جائے۔ |
| لعل دیکھنا | فرزند ارجمند کی بشارت ہے یا عورت حسین ملنے کی اشارت ہے۔ |
| لب کٹ جانا | کسی وفادار دوست سے جدائی ہو یا عورت منکوحہ سے لڑائی ہو۔ |
| لگام دیکھنا | عورت کو مطیع کرے' اللہ مرتبہ اس کا رفیع کرے۔ |
| لڑکی نوعمر دیکھنا | آمدنی میں اضافہ ہو' کاروبار تجارت میں منافع ہو۔ |
| لوہا دیکھنا | دشمن سخت سے مقابلہ ہو' یا ہم مجادلہ ہو۔ |
| لشکر دیکھنا | گو بارش قلیل ہے مگر ارزانی غلہ کی دلیل ہے۔ |
| لباس نیلا دیکھنا | نعمت حج نصیب ہو' دعا مجیب ہو۔ |
| لڑنا شہر میں | طاعون یا اور وبائی امراض کا زور ہوگا۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لباس پاکیزہ دیکھنا | دولت دنیا ہاتھ آئے، عزت و منصب میں ترقی پائے۔ |
| لباس سفید پہننا | گناہوں سے پاک رہے۔ مگر فکر دنیا سے غمناک رہے زیارت بزرگاں نصیب ہو، مالی فائدہ قریب ہو۔ |
| لڑنا جوان آدمی سے | دشمن غالب آئے گا، سخت نقصان پہنچائے گا۔ |
| لباس سرخ پہننا | کارزار پیش ہو، مہم درپیش ہو، عورت دیکھے تو عیش ہو۔ |
| لڑنا غیروں سے | بیماری سخت آئے یا کسی سے لڑائی ہو جائے۔ |
| لباس زرد پہننا | مرض یرقان میں گرفتار ہو نہ طاقت رفتار نہ قوت گفتار ہو۔ |
| لہسن | کسی خوشی کی ضیافت آئے یا کسی سے لڑائی ہو جائے۔ |
| لباس دھانی پہننا | مقدس ہونے کی بشارت ہے کار خیر کرنے کی اشارت ہے۔ |
| لباس گیروا پہننا | تہمت دنیا میں ہے یا قید فرنگ میں رہے۔ |
| لومڑی پکڑنا | چالاک دشمن پر فتح پائے، مال دشمن ہاتھ آئے۔ |
| لاٹھی | عزت اور اقتدار پائے، سرداری وغیرہ ہاتھ آئے۔ |
| لکڑی جلانا | روزگار میں تنگی ہو، گھر میں خانہ جنگی ہو۔ |
| لکھنا اور سمجھنا | پریشانی اور رنج ہو، مصیبت سے دل تنگ ہو۔ |
| لوہے کا ہتھیار باندھنا | پریشانیاں دور ہوں، تکلیفیں کافور ہوں، حوصلوں میں بلندی سی ہو کافی عقلمندی ہو۔ |
| لرزہ دیکھنا | کسی دوست سے دھوکا پائے مفت کی پریشانی اٹھائے۔ |
| لڑنا بادشاہ کا | دولت بڑھے گی، غلہ سستا ہوگا۔ |
| لڑنا دشمنوں سے | بیماری آئے گی یا کسی سے لڑائی ہو جائے گی۔ |

Marfat.com

# م

| | |
|---|---|
| مہر بادشاہ سے ملنا | دولت یا امامت پائے یا کسی معزز عہدہ پر ملازمت مل جائے۔ |
| مہر دیکھنا | سلطنت کہیں کی پائے یا حکومت وافسری ہاتھ آئے۔ |
| مہر لگانا | احباب سے فائدہ پائے گا کھویا ہوا مال واپس مل جائے گا۔ |
| مسجد میں نماز پڑھنا | سفر حج پیش آئے مالی فائدہ ہو جائے۔ |
| ماں باپ کو دیکھنا | دولت مندی' فیاضی اور کاروبار کو فروغ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مسجد دیکھنا | دلیل خیر و برکت ہے' سبب دفع شر و آفت ہے۔ |
| مسجد میں جھاڑو دینا | مال بلا مشقت پائے' رزق میں ترقی ہو جائے۔ |
| مرجان | دولت مندی فیاضی اور کاروبار کو فروغ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ |
| مسجد بنانا' تعمیر کرنا | نیک کاموں کی سعادت حصول ہو سخاوت کرے جو قبول ہو۔ |
| مسجد منہدم کرنا | نیک نامی کو زوال ہو' حد درجہ ملال ہو۔ |
| موتی کھانا | حافظ قرآن بننے اور لوگوں کو تعلیم دینے کا دلیل ہے۔ |
| مرغ کو اذان دیتے دیکھنا | ذی کمالوں کی معدومی وخواری ہے۔ بے کمالونکی افزونی وگرم بازاری ہے۔ |
| مرغا دیکھنا | کسی بزرگ سے فائدہ ہوگا یا مال ہاتھ آئے گا۔ |
| مرغی دیکھنا | کنوارہ دیکھے شادی پائے۔ رزق میں ترقی ہو جائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مقرض دیکھنا | حکام سے فائدہ پائے رزق میں ترقی ہو جائے۔ |
| ماں باپ کو مار ڈالنا | رنج وغم میں مبتلا ہو پریشانی اندازہ سے سوا ہو۔ |
| ماں کی قدمبوسی کرنا | دین کی نعمت پائے دنیا حاصل ہو جائے۔ |
| ماں باپ کو دیکھنا | کاروبار پھولنے پھلنے کی دلیل ہے۔ دولت کونین حاصل ہونے کی سبیل ہے۔ |
| مکتب اور مدرسہ | درازی حیات ہو پریشان خاطری سے نجات ہو۔ |
| ماں کا پیار کرنا | کسی عزیز سے فائدہ ہوگا۔ |
| مہمان کا آنا | رحمت نازل ہوگی۔ پریشانی زائل ہوگی۔ |
| مہمان کو فسردہ دیکھنا | کسی معاملہ میں رسوائی ہو رنج وغم کا سامنا اور جگ ہسائی ہو۔ |
| مہمان ہونا کسی کا | دین ودنیا کی سعادت پائے مال ودولت ہاتھ آئے۔ |
| مصح پیتے دیکھنا | اگر بیمار ہو صحت پائے اگر تندرستی ہو تو تندرستی کی لذت اُٹھائے۔ |
| معجون کھانا | دلی مراد بر آئے بیماری سے تندرستی پائے۔ |
| مینارہ دیکھنا | حاکم کا ہمراز ہو درراحت باز ہو۔ |
| ماش کی دال کھانا | صحت میں زیان ہو کاروبار میں نقصان ہو یہی دال صدقہ دینا چاہیے۔ |
| مردے کو اپنے پاس دیکھنا | مقیم سفر کرے مسافر گھر آئے محبوس خلاصی پائے بیمار تندرست ہو جائے۔ |

Marfat.com

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| مسند خالی دیکھنا | کسی رہنمائے قوم یا عالم دین کی وفات ہو۔ |
| مکھی دیکھنا | مرض جراحت میں مبتلا ہو' تکلیف کا سامنا ہو۔ |
| میلے میں سیر کرنا | کاروبار میں نقصان ہو روزی میں زیان ہو۔ |
| مونگا دیکھنا | معشوق شکرلب پائے رات و دن مزے اُڑائے۔ |
| مہندی لگانا | عورت کے لئے خوشی و شادمانی ہے مرد دیکھے تو باعث پشیمانی ہے۔ |
| موتی کی لڑی دیکھنا | حافظ قرآن ہو۔ ہر ایک اس کا ثنا خوان ہو۔ |
| مرغابی کو دیکھنا | حاکم سے فائدہ مند ہو' نہایت خورسند ہو۔ |
| مسواک کرتے دیکھنا | راست گوئی کی عادت ہو' نیکوکاری کی خصلت ہو۔ |
| مندر میں جانا | مشرک دولت پائے' مسلم نقصان اُٹھائے۔ |
| مسہری دیکھنا | عمر کم ہے موت جلد آنے کی نشانی ہے گناہوں سے توبہ کرے ورنہ پشیمانی ہے۔ |
| مندر کو ڈھانا | مسلم دیکھے تو مصیبتوں سے نجات پائے' مشترک دیکھے تو نقصان اُٹھائے۔ |
| منبر پر چڑھنا | مرتبہ بلند ہو یا کوئی رشتہ دار دولت مند ہو۔ |
| مسواک کرنا | کار خیر انجام پائے' قرض ادا ہو جائے۔ |
| موزہ پہننا | عیب چھپانے کی دلیل ہے' نیک نامی کی سبیل ہے۔ |
| موتی پرونا | فن انشاء میں طاق ہو شہرۂ آفاق ہو۔ |
| مشک پانی سے بھرنا | روزگار اچھا پائے' مقصد پورا ہو جائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موزہ اُتارنا | خوشی اور سرور ہو، پریشانی دور ہو۔ |
| مینار سے گرنا | منصب اور عہدہ سے معزول ہو نہایت طول ہو۔ |
| مٹھائی کھانا | بیروزگار ہو تو روزگار پائے، علم کی دولت ہاتھ آئے۔ |
| مچھلی ہاتھ آنا | دل کا ہر مقصد پورا ہو۔ |
| مرگھٹ دیکھنا | قرض کا عذاب ہو، صحت خراب ہو۔ |
| مرگی کا مریض دیکھنا | قرضداری کا عذاب ہو، صحت خراب ہو۔ |
| ممیرہ | کاروبار میں فائدہ ہو، زندگی مزے سے گزرے گی۔ |
| مسجد میں بے رُخ قبلہ نماز پڑھنا | دین وایمان میں خرابی آنے کی دلیل ہے توبہ کرنا اور صدقہ دینا بچنے کی سبیل ہے۔ |
| مسجد میں جانا | دین کی نعمت حصول ہو، دنیاوی دولت قبول ہو۔ |
| مریخ ستارہ دیکھنا | لڑائی میں فتح پائے، فوجی حاکم ہو جائے۔ |
| مشتری ستارہ دیکھنا | قاضی عالم یا حاکم بننے کی دلیل ہے نعمت رب جلیل ہے۔ |
| میخ لکڑی کی | دین کی طرف لو لگائے روزہ نماز کی عادت پختہ ہو جائے۔ |
| میخ لوہے کی | بے روزگار ہو تو روزگار پائے، بے اولاد ہو لڑکا ہو جائے۔ |
| مینہ برسنا | رحمت خداوندی کا نزول ہو، دولت دنیا حصول ہو۔ |
| میراثی دیکھنا | برا خیال ہے، باعث رنج وملال ہے۔ |
| موئے زہار | مال حرام پائے برے کاموں میں خرچ ہو جائے۔ |
| منقی دیکھنا | دولت زیادہ ہاتھ آئے قرضداری سے نجات پائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مکڑی دیکھنا | کسی ناٹک کا ٹھیکہ پائے بڑی عیاری سے اور سخت محنت سے روزی ہاتھ آئے۔ |
| منہ میں کچھ چیز چبانا | حد سے زیادہ نعمت پائے گا اور حسب ضرورت رزق ہاتھ آئے گا۔ |
| منہ میں سے کچھ نکالنا | سخی ہونے کی دلیل ہے' حصول دولت کیلئے اللہ کفیل ہے۔ |
| مناجات پڑھنا | اُمید برآئے فلاح دارین پائے۔ |
| مکتب دیکھنا | قرضداری میں گرفتار ہو رشتہ داروں سے بیزار ہو۔ |
| مکھن | فائدہ کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہے۔ |
| مکھی دیکھنا | اہل خانہ سے تکلیف پائے۔ روزی تنگ ہو جائے۔ |
| مچھلی | خوبصورت عورت سے شادی پائے دن رات مزے اُڑائے۔ |
| مچھلی کھانا | مال میں اضافہ ہو' عہدہ بڑھے' حاصل علم قیافہ ہو۔ |
| مچھلی مردہ دیکھنا | کسی چوری کی علت میں پھنس جائے گرفتاری اور قید کی سزا پائے۔ |
| مچھلی اُٹھالینا | امانت میں خیانت کرنے کی سزا پائے۔ رشتہ داروں میں ذلیل ہو جائے۔ |
| مچھلی کا پکانا | ہلاکت اور تباہی پائے' صدقہ دے تو نجات ہو جائے۔ |
| مچھلی کو نہلانا | بدکاروں کو راہ پر لانے کی سبیل ہے بھولوں کو رستہ بتانے کی دلیل ہے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مچھلی سے کچھ مانگنا | نتیجہ بہت خراب ہے' اللہ کا عذاب ہے' جلدی خیرات کرے تو نجات ہے اور ثواب ہے۔ |
| مچھلی زندہ دیکھنا | لاٹری کا انعام پائے یا کھویا ہوا مال مل جائے یا شادی ہو فرزند ہو جائے۔ |
| مردے کو مہربان دیکھنا | دلی مقصد میں کامیابی پائے مالی حالت سدھر جائے۔ |
| مردے سے بغل گیر ہونا | عمر دراز ہو' در راحت باز ہو۔ |
| مردے کو کھانا کھلانا | مردے کو اپنے گھر میں کھانا کھاتے ہوئے دیکھے تو نحس خواب ہے۔ |
| مردے کو کوئی چیز دینا | مردہ اگر خواب میں کھانے پینے کی چیز دے تو مبارک خواب ہے۔ |
| مردے کا رونا | رشتہ داروں میں سے کسی شخص کے فوت ہونیکی دلیل ہے۔ |
| مردے کے ساتھ سونا | عمر زیادہ ہو' ہر کام میں فائدہ ہو۔ |
| مردے کو زندہ دیکھنا | گم شدہ مال پائے خوشی حاصل ہو جائے۔ |
| مکان کو کھودنا | بیماری ہو یا موت آئے یا کسی مقدمہ میں پھنس کر قید کی سزا پائے۔ |
| مکان دیکھنا اپنا | بیمار دیکھے تو وفات پائے مفلس دیکھے تو مالدار ہو جائے۔ |
| مدینہ منورہ میں مقیم ہونا | پرہیزگاری اور عبادت میں نام پائے۔ |
| موذن کا اذان دینا | تندرست دیکھے بیماری پائے' بیمار دیکھے تو زندگی سے ہاتھ اُٹھائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| محراب دیکھنا | مرتبہ بلند ہو' اہل و عیال سے خورسند ہو۔ |
| ماتم کرتے دیکھنا | دلی مقاصد میں کامیابی ہوگی اور کسی رشتہ دار کی شادی ہوگی۔ |
| مٹھائی کھانا | مرتبہ اور توقیر ہو' عہدہ میں ترقی اور تنخواہ کثیر ہو۔ |
| مردے سے صحبت کرنا | مال حرام پائے یا چوری کا مال ہاتھ آئے۔ |
| مرد جوان اجنبی | فساد اور عداوت کی دلیل ہے' روزی قلیل ہے۔ |
| مرد ادھیڑ | بزرگوں سے امداد پائے' مقصد پورا ہو جائے۔ |
| مرغی ذبح کرنا | منگنی ٹوٹ جائے گی شادی کی بات چھوٹ جائے گی۔ |
| مرغی دیکھنا | بزرگوں سے فائدہ پائے مال اور عزت ہاتھ آئے۔ |
| مرد پیر کا اپنے کو جوان دیکھنا | جاگیرداری سرداری پائے یا عہدہ حکومت ہاتھ آئے۔ |
| موتی دیکھنا | کنوارہ شادی پائے' شادی شدہ ہو تو اولاد ہو جائے۔ |
| موتی بیچنا | لوگوں کو دین کا سیدھا راستہ بتانے کی دلیل ہے یہ فضل رب جلیل ہے۔ |
| موتی کی لڑی | حافظ قرآن ہو۔ |
| موتی پرونا | قاری ہونے کی سعادت پائے' شادی شدہ ہو تو اولاد ہو جائے۔ |
| مرغ کی آواز سننا | شادی کا سکھ پائے یا اولاد پیدا ہو جائے۔ |
| محراب مسجد دیکھنا | اہل و عیال سے خوشی ہو آرام پائے روزی وافر میسر آئے۔ |
| مولی دیکھنا | روزی حلال پائے بیماری سے صحت ہو جائے۔ |
| مینار دیکھنا | مرتبہ بڑھے' نیک نامی میں نام چڑھے۔ |

Marfat.com

# ن

| | |
|---|---|
| نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنا | مراد دینی و دنیا ہاتھ آئے، بخیر انجام ہو جائے۔ |
| نماز پڑھنا | گناہ معاف ہو، صاحب اوصاف ہو۔ |
| ناک اپنی لمبی دیکھنا | دشمن کے خفیہ رازوں کا پتہ پائے، فتح حاصل ہو جائے۔ |
| ناخن تراشنا | حاصل بہجت و سرور ہو، قرض دور ہو۔ |
| ناخن ٹوٹ جانا | رنج و غم پائے اچانک مصیبت نازل ہو جائے۔ |
| نقارہ بجانا | کوئی افسری یا عہدہ پائے یا حکومت ہاتھ آئے۔ |
| نہر کی دلدل میں پھنسنا | بیماری سے نجات ہو، قرضداری زیادہ ہو۔ |
| ناچ دیکھنا | رنج دور ہو حاصل سرور ہو اور جو خود ناچے تو عورت منہ زور ملے دن رات غل و شور کرے۔ |
| نیزہ دیکھنا | افسر فوج ہو، نہایت اوج موج ہو۔ |
| نرگس دیکھنا | معشوق عاشق مزاج ملے، غنچہ مہر و الفت کھلے۔ |
| نارنج دیکھنا | ماندہ ہونے کی علامت ہے مگر بعد رنج کے راحت ہے۔ |
| نشہ کی حالت | خود کو نشہ کی حالت میں دیکھے تو نحس خواب ہے صدقہ دے نجات ہے۔ |
| ناک کٹی ہوئی دیکھنا | افلاس کی نشانی ہے، ذلت پیش آتی ہے۔ |
| نقارہ بجتے دیکھنا | ہر طرح رتبہ بلند ہو، نہایت خورسند ہو۔ |
| نکاح کرنا | خوشی اور چین پائے دین کی خدمت بجا لائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نجاست دیکھنا | حرام مال ہاتھ آئے گا اور جلدی ضائع ہو جائے گا۔ |
| نرگس کا درخت | عورت کو حمل قرار پائے فرزند پیدا ہو جائے۔ |
| نرگس کا پھول | شادی ہو مال پائے دلی آرزو پوری ہو جائے۔ |
| نشہ شراب کا | بہت سا مال ہاتھ آئے لیکن فضول کاموں میں ضائع ہو جائے۔ |
| نگینہ | نوکری مستقل ہو جائے حکومت ہاتھ آئے یا لڑکا پیدا ہو جائے۔ |
| نل دیکھنا | ٹھیکہ داری میں نفع ہو بیماری سے شفا ہو۔ |
| نماز بے طہارت | روزی کا غم پائے یا بیماری سخت پائے۔ |
| نماز کی امامت کرنا | دینداری سرداری یا حکومت کی دلیل ہے۔ |
| نماز سوتے میں پڑھنا | موت کی علامت ہے۔ |
| نیاز پکا کر کھلانا | امید بر آئے گی ملازمت مل جائے گی۔ |
| ننہیال جانا | بزرگوں سے فائدہ پہنچے گا' کاروبار اچھا ہوگا۔ |
| نامرد ہو جانا | قوت آئے گی عزت حاصل ہو جائے گی۔ |
| نسوار لینا | مصیبت نازل ہوگی۔ |
| نسوار خریدنا | بیمار ہونے کی علامت ہے۔ |
| نشتر خریدنا | مخالف سے مقابلہ ہوگا۔ |
| نمک | بیماری سے صحت اور عزت و توقیر ہوگی۔ |
| نمکدان | حسین بیوی ملے گی آرام و راحت سے زندگی بسر ہوگی۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نیم دیکھنا | دُکھ دور ہو حاصل عیش و سرور ہو۔ |
| نہالی دیکھنا | بیاہ ہوگا توقیر اور مرتبہ بڑھے گا۔ |
| نیند آنا | روزگار میں خلل پڑے پریشان ہو جائے۔ |
| ناریل | شادی ہو غم سے آزادی ہو یا تولد فرزند ارجمند ہو نہایت خورسند ہو۔ |
| نعمت دستیاب ہونا | بے روزگار ہو تو روزگار ملے یا عورت مالدار ملے۔ |
| ندی میں نہانا | بیماری سے شفا ہو دولت سوا ہو۔ |
| نیم دیکھنا | نیم کھائے مرض سے صحت پائے اگر نیم کی شاخ ہلائے آتشک نکل آئے۔ |
| نمک گر جانا | کسی معاملہ میں بدنامی ہو رنج و غم کا سامنا ہو۔ |
| نیکر پہننا | مرد دیکھے خوشی پائے عورت دیکھے رنج اُٹھائے۔ |
| نیکر سلوانا | گمراہی اور لہو و لعب کی دلیل ہے مال ضائع ہونے کی سبیل ہے۔ |
| نابینا کرنا کسی کو | بدکاری سے نقصان پائے مرض خبیث پیدا ہو جائے۔ |
| نہر سے گندہ پانی پینا | بیماری آئے گی یا پریشانی ہو جائے گی صدقہ دے بلاٹل جائے گی۔ |
| نہر سے اور نہر نکالنا | روزی رزق کی افراط ہوگی قرضداری سے نجات ہوگی۔ |
| نیل دیکھنا | دلی مراد پائے شادی ہو دولت ہاتھ آئے۔ |

Marfat.com

# و

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| ولی اللہ کو دیکھنا | مال بہت ہاتھ آئے گا' بزرگی اور توقیر پائے گا۔ |
| وضو کرنا | راست کرداری کی دلیل ہے' عنایت رب جلیل ہے۔ |
| وعظ کرنا عورتوں میں | بیوپار تجارت میں گھاٹا آئے گا' قرضداری ہوگی اور نقصان اُٹھائے گا۔ |
| وظیفہ پڑھنا | برے کاموں سے چشم پوشی کرے نیک کاموں سے ہم آغوشی کرے۔ |
| وعظ کرنا مسجد میں | کسی نیک عورت سے شادی پائے اگر شادی شدہ ہو تو لڑکی خوش نصیب پیدا ہو جائے۔ |
| وعظ کی محفل دیکھنا | خوشخبری سے نصیحت پائے' برے کاموں سے تائب ہو جائے۔ |
| وعظ کرنا میدان میں | سفر میں فائدہ کی دلیل ہے۔ |
| وید پڑھنا | ہندوؤں کیلئے نجات ہے مسلمان کیلئے آفات ہے۔ |
| وعظ کی کتاب خریدنا | امتحان میں کامیابی پائے قرضداری سے نجات ہو جائے۔ |
| ولایتی انار کھانا | مریض تندرست ہو جائے' تندرست ہو ماندگی اُٹھائے۔ |
| وعظ کی مجلس منعقد کرنا | نوکری کا انتظام ہوگا یا لڑکا پیدا ہوگا۔ |
| وصلی بنانا | حاکم کی طرف سے میر محلہ یا چودھری ہو یا اس کے مزاج میں کنبہ پروری ہو۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وعظ کے لئے کسی کو بلانا | مدعو شخص کو کسی مسجد کی امامت ملے گی۔ |
| وعظ کہنا | خلق کو نصیحت کرے بدکرداروں کو نصیحت کرے۔ |
| وعظ کرانا | عزت وتوقیر اور روزگار میں ترقی ہوگی۔ |
| وضو کرتے ہوئے دیکھنا | قرض ادا ہو، پریشانی دور ہو، رنج کافور ہو۔ |
| وارث بننا کسی لڑکے کا | دولت میں اضافہ ہوگا۔ |
| وارث ہونا کسی یتیم کا | کوئی رفاہ عام کا کام کرنے کی دلیل ہے۔ |
| وراثت کا جھگڑا کرنا | مالی نقصانات میں اسیر ہو پریشانی دامن گیر ہو۔ |
| والی حاکم کو کسی طرح کا نقصان | عزت وتوقیر خاک میں مل جائے گی نقصان ہوگا آفت آئے گی۔ |
| والی حاکم کے پاؤں میں زنجیر | مرتبہ میں ترقی ہوگی، مال ودولت میں زیادتی ہوگی۔ |
| وثیقہ نویسی کرنا | سود کا روپیہ ملے گا اور آئے گا جو حرام کاری وعیاشی میں اڑ جائے گا۔ |
| ووٹ لکھنا | بیوپار میں گھاٹا ہوگا۔ مفلسی میں گیلا آٹا ہوگا۔ |
| ووٹ شمار کرنا | کچھ دیر غریبی رہے گی۔ |
| ولایت جانے کی تیاری کرنا | ملازمت کا انتظام ہوگا عزت کا مقام ہوگا۔ |
| ولایت سے واپس آنا | کامیابی اور فتح نصیب ہوگی خوشی اور شادمانی قریب ہوگی۔ |
| وحشی جانوروں کا شکار | دولت ملے گی کاروبار میں خوب نفع ہوگا۔ |
| وحشی جانور کا مطیع ہونا | دشمن زیر ہوں گے عزت وتوقیر ہوگی۔ |
| وحشی بہت سی تعداد میں | دولت ہاتھ آئے گی اور کاشتکاری سے فائدہ ہوگا۔ |

Marfat.com

# ۵

| | |
|---|---|
| ہرن دیکھنا | دختر نیک اختر پیدا ہو یا کسی معشوقہ پر دل شیدا ہو۔ |
| ہاتھ ٹوٹ جانا | بھائی پر مصیبت نازل ہو جس سے سخت پریشانی حاصل ہو۔ |
| ہدیہ بھیجنا | جس کو ہدیہ بھیجے اس سے محبت ہو نہایت ہی الفت ہو۔ |
| ہار پہننا | شادی خانہ آبادی ہو غم سے آزادی ہو۔ |
| ہنسنا | غم کی دلیل ہے مگر قدرے قلیل ہے۔ |
| ہاتھی فروخت کرنا | منصب اور عہدے سے معزول ہو نہایت ملول ہو۔ |
| ہاتھی کو مست دیکھنا | حکام کی ناراضگی کا خیال ہو نہایت ملال ہو۔ |
| ہار پھولوں کا دیکھنا | جس شخص کو ہار پہنے ہوئے دیکھے وہ مقصد میں کامیاب ہو۔ |
| ہالہ دیکھنا | چاند کے گرد ہالہ دیکھنا مبارک ہے بیماری سے شفا ہو دولت سوا ہو۔ |
| ہنڈولا دیکھنا | عورت مہربان پائے عیش کا سامان بہم ہو جائے۔ |
| ہدیہ پانا | روزگار میں ترقی پائے خوشی دونی ہو جائے۔ |
| ہاتھی دیکھنا | بلا ہائے سخت نازک ہو اگر تجارت کرے تو نفع قلیل حاصل ہو۔ |
| ہرن کا شکار کرنا | مشکلوں میں آسانی ہو بڑی کامرانی ہو۔ |
| ہل چلانا | بستہ اُمیدوں میں حرکت ہو رزق اور اولاد میں برکت ہو۔ |
| ہوائی جہاز میں سوار ہونا | بادشاہی مسب میسر آئے یا موت واقع ہو جائے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ہوا خوشگوار چلنا | وظیفہ یا پنشن پائے آرام سے زندگی بسر ہو جائے۔ |
| ہنس دیکھنا | حسین عورت پائے گا' خوش ہو جائے گا۔ |
| ہاتھ دشمن کا پکڑنا | تقریر میں اثر ہو' عزت و آبرو میں بسر ہو۔ |
| ہڈی دیکھنا | حرام کا مال آئے گا مگر فی الفور تلف ہو جائے گا۔ |
| ہرن دیکھنا | نیک لڑکی پیدا ہو گی' رنج مٹ جائے گی۔ |
| ہودج دیکھنا | سرداری یا تھانیداری ملے گی' شادی ہو گی۔ |
| ہاتھ دھونا | یاس و ناکامی کا سامنا ہو گا۔ |
| ہائی اسکول کھولنا | تجارت بڑھے گی' ہر مال پر قیمت چڑھے گی۔ |
| ہاکی سے لڑنا | میچ جیتنے یا حریف پر فتح پانے کی دلیل ہے۔ |
| ہاکی خریدنا | کسی اسکول یا کالج میں دخل ہونے یا اس میں ملازمت ملنے کی علامت ہے۔ |
| ہل سخت زمین پر چلانا | کسی پر مشقت کام کی ملازمت ملے گی۔ |
| ہل کا ٹوٹ جانا | مرد دیکھے تو نوکری جائے گی' عورت دیکھے تو رانڈ ہو جائے گی۔ |
| ہل کو اپنی گردن پر ڈالنا | بیوی کا انتقال ہو جائے اور اولاد کا بوجھ اپنے کندھوں پر آئے۔ |
| ہل میں بیل جوتنا | کاروبار میں تجارت پھولے پھلے گا' خدمات گار اچھا ملے گا۔ |
| ہل کو خود چلانا | کاروبار اور بیوپار میں خود نفع اٹھانے کی دلیل ہے' محنتی کا اللہ کفیل ہے۔ |

Marfat.com

| خواب نامہ | تعبیر نامہ |
|---|---|
| ہل کسی سے لینا | محنت اور مشقت سے روزی ملے گی، تنگی اور عشرت ملے گی۔ |
| ہنٹر کسی کو مارنا | جس کو مارا جائے وہ رفیق ہو جائے گا' دوست کہلائے گا۔ |
| ہنٹر خریدنا | چوکیداری کی ملازمت پائے یا کسی مدرسہ کی نوکری مل جائے۔ |
| ہاضمہ خراب ہونا | جمع شدہ رقم ضائع ہو جائے گی یا کسی کام میں خرچ ہو جائے گی۔ |
| ہیضہ ہونا | کاروبار میں خسارہ ہوگا' نوکری سے کنارہ ہوگا۔ |
| ہیضہ سے کسی کو مرتے دیکھنا | جسے مرتا دیکھا جائے اس کی ملازمت مستقل ہو جائے گی۔ |
| ہزار روپیہ کا نوٹ دیکھنا | لڑکی یا لڑکا پیدا ہوگا۔ یا کسی پرشیدا ہوگا۔ |
| ہزار روپیہ کسی سے لینا | کسی دوست سے ملاقات ہوگی' خوشی دن رات ہوگی۔ |
| ہزار روپیہ بنک سے نکلوانا | بیوپار میں نفع اور بیماری سے شفاء ہوگی۔ |
| ہوائی ڈاک کا ٹکٹ خریدنا | دور دراز مقامات کا سفر پیش آئے جس سے نفع اُٹھائے۔ |
| ہوا سے مکان گرنا | بیماری آنے کی سبیل ہے یا مقدمہ میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔ |
| ہوا سے درخت گرنا | ماں باپ کا انتقال ہو جائے گا' سخت صدمہ اُٹھائے گا۔ |
| ہار ڈالنا پھولوں کا | جس کے گلے میں ڈالا جائے گا وہ محبت کرنے لگ جائے گا۔ |
| ہار پرونا پھولوں کا | حسین بیوی پائے گا' مزے اُڑائے گا۔ |
| ہار کا ٹوٹ جانا | بیوی فوت ہو جائے گی یا بیماری ستائے گی۔ |
| ہار کا گم ہونا | مرد دیکھے تو مصیبت بیروزگاری کی آئے گی عورت دیکھے تو بیوہ ہو جائے گی۔ |

Marfat.com

# ی

| | |
|---|---|
| ید بیضہ دیکھنا | ہاتھ کشادہ ہو، دولت زیادہ ہو۔ |
| یاس کی حالت میں دیکھنا | مقصد میں کامیابی کی دلیل ہے۔ |
| یاسمین پانا | عورت خوبصورت ملنے کی بشارت ہے غم دور ہونے کی اشارت ہے۔ |
| یاقوت پانا | مال و دولت پانے کی نشانی ہے، سبب حصول کامرانی ہے۔ |
| یک و تنہا اپنے کو دیکھنا | جنگل میں تنہا دیکھنا حیرانی پریشانی اُٹھائے، باغ میں اکیلا سیر کرتے ہوئے دیکھے تو مقصد میں کامیابی پائے۔ |
| یابو پانا | عورت چالاک ملے، نہایت بے باک ملے۔ |
| یٰسین لکھنا | کسی عامل سے کوئی آزمودہ عمل ملے گا۔ |
| یکہ کرایہ پر دینا | بیٹی یا بیٹے کی شادی کا انتظام ہو جائے گا۔ |
| یکہ تاش کا پتہ دیکھنا | نقصان ہوگا، لیکن فائدہ کی امید ہوگی۔ |
| یکہ کیلئے گھوڑا خریدنا | حسین بیوی ملے گی یا لڑکا پیدا ہوگا۔ |
| یکہ خود چلانا | ہل چلانے یا مشقت کا کام کرنے کی دلیل ہے۔ |
| یکہ خریدنا | کھیتی باڑی کے لئے زمین خریدنے کی علامت ہے۔ |
| یکہ دیکھنا | کسی بزرگ عزیز سے نفع پہنچے گا۔ |
| یاشب کی انگوٹھی دیکھنا | رذیل عورت سے شادی ہوگی یا لڑکی پیدا ہوگی۔ |
| یشب اپنے پاس دیکھنا | عورت کے ذریعہ سے فائدہ حاصل ہوگا۔ |

Marfat.com

# علم قیافہ سے احوال قسمت

## انسانی جسم کی تقدیر اور قیافہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کا جسم مٹی، آگ، پانی اور ہوا سے بنایا ہے۔ حقیقت میں انسان کی تخلیق قدرت کا ایک عظیم ترین کرشمہ ہے۔ مگر انسان کے جسم کی وضع قطع میں بھی قدرت نے بے شمار ایسی نشانیاں رکھی ہیں جنھیں سمجھا جائے تو نوشتہ تقدیر ہمارے سامنے آ جاتا ہے۔ ہمارے جسم کا ہر خط و خال اعضاء کی لمبائی چوڑائی موٹائی اور ان کی نقل و حرکت کرشمہ قدرت ہے۔ ہمارا جسم ایک ایسا شفاف آئینہ ہے جس میں ہمیں اپنی تقدیر کا عکس واضح نظر آ سکتا ہے بس تھوڑی سی عقل استعمال کرنا ہوگی۔


## مرد کے جسم پر تل سے قیافہ


| تل کا مقام | قیافہ یا نتیجہ |
|---|---|
| دونوں بھنوؤں کے درمیان | خوش شکل شوہر ملے اور بیٹا ہوگا۔ مرد کو خوبصورت عورت یعنی بیوی ملے گی۔ |
| ابرو | زندگی میں کثرت سے سفر پیش آئیں گے یا ایسی جگہ ملازمت ملے گی جہاں ہمیشہ سفر در پیش آئے گا۔ |
| سر | عزت و احترام حاصل ہوگا۔ مقبولیت پائے گا۔ ہر دلعزیز بنے گا۔ |
| بایاں رخسار | عیاش طبع اور غریب و مفلس ہوگا۔ ہمیشہ ناکام اور بے عزت رہے گا۔ |
| دایاں رخسار | خوش وضع و نیک اطوار ہوگا۔ بلند اقبال اور دولت مند ہوگا۔ |
| ہونٹوں کا گوشہ | متحمل مزاج، حیادار اور علم والا ہوگا۔ زندگی میں کامیاب اور دولت مند ہوگا۔ |
| اوپر کا لب | نا قابل محبت ہوگا۔ عیاش طبع اور نفیس مزاج و نفاست پسند ہوگا۔ خیر خواہ فطرت کا مالک ہوگا۔ |
| نیچے کا لب | دھوکا باز اور خود غرض ہوگا۔ کنجوس اور حاسد ہوگا۔ |
| ٹھوڑی پر | کفایت شعار اور دولت مند ہوگا۔ سمجھدار اور ایماندار ہوگا۔ بلند حوصلہ ہوگا۔ |


Marfat.com


| | |
|---|---|
| سینہ پر | رنگین مزاج اور خواہشات کا غلام ہوگا۔ بدکرداری کی علامت ہے۔ |
| سینہ کے دائیں طرف | بیوی کا غلام ہوگا۔ دکھ اور پریشانی میں زندگی بسر ہوگی۔ کاہل اور سست ہوگا۔ |
| سینہ کے بائیں طرف | جھگڑالو فطرت کا مالک ہوگا۔ بیوی سے جھگڑا کرنے والا اور حسن پرست ہوگا۔ |
| گلا | خوش بخت ہوگا۔ زمینداری راس آئے گی۔ |
| پیٹ پر | ناز برداری پسند کرنے والا ہوگا۔ ضرورت سے زیادہ کھانے اور بے اندازہ پینے والا ہوگا۔ فضول خرچ ہوگا۔ |
| کمر پر | زندگی فوجی ملازمت میں گزرے گی۔ سفر کرے گا۔ دولت ہاتھ آئے گی۔ |
| ناف پر | خوش قسمت ہوگا۔ آرام سے زندگی گزارے گا۔ |
| ہاتھ پر | دولت مند ہوگا۔ اقبال مند ہوگا۔ خوشیاں، دولت، صحت غرض ہر چیز کی کثرت ہوگی۔ |
| ہتھیلی پر | ہمیشہ خوش باش رہے گا۔ دولت مند بنے گا۔ بہت ذہین ہوگا۔ |
| گردن پر | تلوار یا پھانسی کے ذریعے موت آئے گی۔ |
| پیشانی پر | خوشگوار زندگی گزارنے والا ہوگا۔ دولت، محبت اور بزرگی کی دلیل ہے۔ |
| بازو پر | خوش اخلاق اور محنتی ہوگا۔ ازدواجی زندگی اچھی گزرے گی۔ |
| انگلی پر | زندگی کے اہم امور سے دوچار ہوگا۔ بے ایمانی اور مبالغہ آمیزی کرنے والا ہوگا۔ |
| دایاں گھٹنا | دوستانہ اور ملنسار طبیعت کا مالک ہوگا۔ گھریلو زندگی سے بے حد محبت کرے گا۔ |
| بایاں گھٹنا | بے اصول لیکن بہترین کاروباری آدمی ہوگا۔ محتاط طبع اور شاہ خرچ ہوگا۔ |
| کولہا پر | خوش طبع، مطمئن اور حوصلہ مند ہوگا۔ اطمینان بخش زندگی بسر کرے گا۔ مفلسی میں گزارا کرنے کی صلاحیت والا ہوگا۔ |
| کلائی پر | قابل بھروسا اور باتدبیر ثابت ہوگا۔ کفایت شعاری کرنے والا ہوگا۔ دوسری شادی کا امکان ہے۔ |
| ناک پر | کامیاب ازدواجی زندگی گزارے گا۔ سچا اور مخلص دوست ہوگا۔ دولت جمع کرنے کے لیے محنت کرے گا۔ |

Marfat.com




ماسٹر پبلشرز
042-37116363
0333-4224994

Marfat.com